سلمان خان کی فلم سکندر کا اسکرپٹ تبدیل کیا گیا: رشمیکا مندانا کا انکشاف

رونالڈو کا کھیلوں کی دنیا سے نکل کر فلمی دنیا میں قدم رکھنے کا امکان

چین کے تعاون سے پاکستان کا روشن زرعی مستقبل

اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیں

Daily Lahore

SALOOK

روزنامہ سلوک لاہور

چیف ایڈیٹر: جلیل اسلم

dsalooklhr@gmail.com

/Dailysalooknews

/Dailysalooknews

/Dailysalooknews

/@Dailysalooknewsoffical

جلد نمبر 5 | جمعرات 22 جنوری 2026ء 2 شعبان المعظم 1447ھ 9 ماگھ 2082ب | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 19

پاکستان کا غزہ بورڈ آف پیس میں شمولیت کا فیصلہ، وزیراعظم نے ٹرمپ کی دعوت قبول کرلی

پاکستان کرپٹو اے آئی اور آئی ٹی کے شعبے میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے

وزیر اعظم

پاکستان الحمدللہ مشکل حالات سے باہر آچکا ہے، پاکستان کو اب برآمدات کے میدان میں بھی کامیابی سمیٹنی ہے، ملک اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے، ریونیو اکٹھا کرنے کیلئے نظام میں اصلاحات لا رہے ہیں، وزیراعظم کا سوئٹزرلینڈ میں پاکستان پویلین میں تقریب سے خطاب

ڈیوس: وزیراعظم شہباز شریف مینیجنگ ڈائریکٹر انٹرنیشنل مینٹری فنڈ سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈیوس (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کرپٹو، اے آئی اور آئی ٹی کے شعبے میں بھی تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں پاکستان پویلین میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے، پاکستان الحمدللہ مشکل حالات سے باہر آچکا ہے، پاکستان کو اب برآمدات کے میدان میں بھی کامیابی سمیٹنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اقتصادی استحکام کی راہ پر گامزن ہے، ریونیو اکٹھا کرنے کیلئے نظام میں اصلاحات لا رہے ہیں، کان کنی اور معدنیات کے میدان میں کامیابی سے داخل ہو چکے ہیں، پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے قدرتی وسائل سے مالا مال کیا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پالیسی ریٹ 22.5 فیصد سے کم ہو کر 10.5 فیصد ہو گیا ہے، سماجی اشاریے بہتر بنانے کے لیے مشترکہ اور مسلسل کوششیں جاری ہیں، کرپٹو، اے آئی اور آئی ٹی کے شعبے میں بھی تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں، پاکستان کے نوجوانوں کو ترقی کے وسیع مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ جدید علم کو حاصل کرنا نوجوانوں کیلئے بدیہی ہونے کے ساتھ بڑا موقع بھی ہے، پاکستان کو برآمدات پر مبنی ترقی کی راہ اپنانا ہوگی، مالی نظام میں بنیادی ڈھانچہ میں اصلاحات کی گئی ہیں، ریونیو کلیکشن سسٹم مکمل ڈیجیٹل کر دیا گیا، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اقدامات کر رہا ہے، حکومت پاکستان مکمل شفافیت کیساتھ آگے بڑھ رہی ہے، پی آئی اے کی کامیابی سے نجکاری کی گئی، پوری قوم نے دیکھا کہ نجکاری مکمل میں لین دین کیسا شفاف تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں اب معدنیات کے شعبے میں بڑی سرمایہ کاری ہو رہی ہے، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، خیبر پختونخوا، بلوچستان میں قدرتی وسائل کی بدولت ترقی کے نئے مواقع کھلے ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آئی ٹی اور دیگر برآمدات میں حوصلہ افزا ترقی دیکھی گئی، آئی ٹی کے شعبے کی برآمدات بڑھانے کے لیے تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں، نوجوانوں کو ہنرمند اور تربیت کی فراہمی کے لیے متعدد پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔ پاکستان نے غزہ میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت قبول کر لی ہے۔ فی نیوز چینل کے مطابق غزہ میں پائیدار قیام امن کیلئے بورڈ آف پیس میں شمولیت کی دعوت امریکی صدر نے وزیراعظم شہباز شریف کو دی جس کو انہوں نے قبول کر لیا۔ پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد اور فریم ورک کے تحت غزہ امن منصوبے کے نفاذ میں معاونت کی اپنی مسلسل کوششوں کے سلسلے میں بورڈ آف پیس میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو امید ہے کہ اس فریم ورک کے قیام سے مستقل جنگ بندی کے نفاذ، فلسطینی عوام کے لیے انسانی امداد میں نمایاں اضافے اور غزہ کی تعمیر نو کے لیے عملی اقدامات ممکن ہوں گے۔

پیپلز پارٹی خواجہ آصف کے 18ویں ترمیم سے متعلق بیان پر ناراض، حکومت سے وضاحت مانگ لی

(ن) لیگ کے پارلیمانی لیڈر کے بیان کو ہم حکومت کا پالیسی بیان سمجھیں گے: پی پی رہنما نوید قمر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی نے وزیر دفاع خواجہ آصف کے 18ویں ترمیم سے متعلق بیان پر حکومت سے وضاحت مانگ لی۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے پی پی رہنما نوید قمر نے کہا کہ کل خواجہ آصف نے سانحہ گلی پلازہ پر بات کی اور ساتھ 18ویں ترمیم لے آئے، (ن) لیگ کے پارلیمانی لیڈر کے بیان کو ہم حکومت کا پالیسی بیان سمجھیں گے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے خواجہ آصف کے بیان کو ذاتی رائے قرار دے دیا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ہماری ذاتی آرا ہوتی ہیں، انہیں ذاتی رائے کے طور پر لیا جائے، ہر فیصلہ پارلیمنٹ کی رضامندی سے ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خواجہ آصف نے کہا تھا کہ 18ویں ترمیم ایک ڈھکوسلا ثابت ہوئی ہے، سارے اختیارات صوبائی حکومت کو منتقل ہو گئے ہیں، کراچی میں ہونے والے واقعات متقاضی ہیں کہ اختیارات نچلی سطح پر منتقل کیے جائیں۔

اسلامی ترقیاتی بنک کے وفد کا مہمند ڈیم کا دورہ

لاہور (یو این پی) اسلامی ترقیاتی بنک کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کا دورہ کیا اور پراجیکٹس پر جاری تعمیراتی کاموں کا مشاہدہ کیا۔ ٹیم رکنی وفد کی قیادت اسلامی ترقیاتی بنک کے نائب صدر (آپریشنز) ڈاکٹر رامی محمود احمد کر رہے تھے۔ دورے کے دوران وفد نے پراجیکٹ کی تمام تعمیراتی سائٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ واپڈا کے اعلیٰ حکام، کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کے ماہرین نے وفد کو منصوبے کے تکنیکی پہلوں سے آگاہ کیا۔ بعد ازاں جنرل منیجر اپراجیکٹ ڈائریکٹر مہمند ڈیم عاصم رف خان نے پراجیکٹ آفس میں وفد کو منصوبے پر پیشرفت کے بارے میں ایک جامع بریفنگ دی۔

غریب آدمی کے مفاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا: سہیل آفریدی

پشاور (یو این پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی ہدایت پر محکمہ خوراک نے اسٹریٹجک ذخائر سے ایک لاکھ 36 ہزار میٹرک ٹن گندم کی ریلیز شروع کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے بتایا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے بین الصوبائی نقل و حرکت پر پابندیوں کے بعد قیمتوں کے دباؤ سے عوام کو تحفظ دیا جا رہا ہے، خوراک کی دستیابی کو صوبائی رکاوٹوں یا انتظامی حدود کا یرغمال نہیں بننے دیں گے۔

اگر ہم ناکام ہیں تو آگ تو نیوی بھی نہیں بجھا سکی، شہلا رضا

اسلام آباد (یو این پی) پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شہلا رضا گل پلازہ آتشزدگی کے معاملے پر کہتی ہیں کہ اگر ہم ناکام ہیں تو آگ تو نیوی بھی نہیں بجھا سکی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئی صاحب کی مہربانی ہے کہ انہوں نے نیوی کو بھیجا اور انہوں نے مدد کی، پارلیمنٹ میں جب بات ہوئی تو اس میں ڈکٹیٹر کی خوشامدیں بھی اگل آئیں لیکن یہ نہیں کہا کہ وہ 11 سال جنرل الیکشن نہیں کرواتا، اگر ہم ناکام ہیں تو آگ تو نیوی بھی نہیں بجھا سکی، ہم خود کو احتساب کے لیے پیش کر رہے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں ضلع میں ٹیلی میڈیسن پروگرام شروع کرنے جا رہے ہیں

مریم نواز

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا لاہور کے نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کی مارچ سے تعمیر شروع کرنے کا اعلان

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں ٹیلی میڈیسن سسٹم متعارف کرانے اور جنگ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں کارڈیک سرجری شروع کرانے کا اعلان کیا ہے نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ کی مارچ سے تعمیر شروع کرنے کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جنگ میں گیجٹ لیب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے عوام کو ہر قسم کے علاج کی سہولت گھر کی دہلیز پر دیں گے۔ جنگ جیسے دور افتادہ شہر میں گیجٹ لیب دیکھ کر خوشی ہوئی، میرا خواب پورا ہوا۔ اب غریب امیر کا ایک ہی جیسا علاج ہوگا۔ میرے ذہن میں کوئی تفریق نہیں۔ غربت اور وسائل کی کمی کے شکار افراد کے لئے ہارٹ اٹیک کسی قیامت سے کم نہیں۔ مشکل کی گھڑی میں مریض کو شفٹ کرنے کے لئے گاڑیوں کے کرائے بھی ادا کرنے پڑتے ہیں۔ ہارٹ اٹیک ہونے پر 60 منٹ کے گولڈن آور میں مریض کو ہسپتال شفٹ کرنے سے جان بچائی جا سکتی ہے۔ جنگ میں گیجٹ لیب دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی، خوشی کے جذبات پر قابو پانا مشکل تھا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جنگ کی گیجٹ لیب میں مریض کے پروسیجر کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں لوگوں نے بتایا کہ ہارٹ اٹیک ہونے پر مریض لاہور لیجانے کی بجائے جنگ ہسپتال میں لائے ہیں۔ مریض کو فیصل آباد کارڈیالوجی میں 8 بجا بھر کی تاریخ ملی، جنگ میں 48 گھنٹے میں پروسیجر مکمل ہو گیا۔ انتظامیہ کی معاونت کے بغیر ممکن نہیں تھا۔

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعلقات نئے ریٹک مرحلے میں داخل

وزیر خزانہ

وفاقی وزیر خزانہ کی اے ڈی بی کے صدر ماساتو کانڈا اور میزلیس ایوی ایشن کے چیئرمین حسن الہوری سے ملاقات میں گفتگو

ڈیوس (یو این پی) وفاقی وزیر خزانہ ڈھصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعلقات اب نئے اور زیادہ سٹریٹجک مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں، توانائی کے نظام میں بہتری، کارکردگی میں اضافہ اور طویل المدتی معاشی استحکام کے لیے اصلاحات کے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے یہ بات ڈیوس میں جاری ورلڈ اکنامک فورم کے سالانہ اجلاس کے موقع پر ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے صدر ماساتو کانڈا اور میزلیس ایوی ایشن کے چیئرمین حسن الہوری سے ملاقاتوں میں کہی۔ ملاقاتوں میں پاکستان کے اقتصادی اصلاحات کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے، بین الاقوامی شراکت داری کو مضبوط کرنے اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی و نمو کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر سے ملاقات میں پاکستان میں جاری اقتصادی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا اور پاکستان اور اے ڈی بی کے درمیان درپیہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بینک کے صدر نے کہا کہ پاکستان اہم معاشی تبدیلی کے مرحلے میں داخل ہو رہا ہے، جہاں اصلاحات میں نئی رفتار اور مارکیٹ میں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

سندھ طاس معاہدہ: اقوام متحدہ کی ڈیڈ لائن ختم، بھارت کی خاموشی پر سوالات اٹھ گئے

بھارت سے کہا گیا تھا کہ وہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے اپنے حالیہ اقدامات پر 16 دسمبر 2026 تک وضاحت پیش کرے

اسلام آباد (یو این پی) اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندوں کی جانب سے سندھ طاس معاہدے سے متعلق بھارت سے وضاحت طلب کرنے کی مقررہ ڈیڈ لائن ختم ہوئے 34 دن گزر چکے ہیں، تاہم نئی دہلی کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ جواب سامنے نہیں آیا۔ ذرائع کے مطابق بھارت سے کہا گیا تھا کہ وہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے اپنے حالیہ اقدامات پر 16 دسمبر 2026 تک وضاحت پیش کرے، مگر ڈیڈ لائن گزرنے کے باوجود بھارتی حکومت نے خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ اقوام متحدہ اب بھی بھارت کے جواب کی منتظر ہے، جبکہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق متعدد سوالات بدستور موجود ہیں۔ بین الاقوامی حلقوں میں بھارت کی مسلسل خاموشی کو تشویش کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے اور یہ معاملہ عالمی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ بھارت کی جانب سے وضاحت نہ آنا نہ صرف سندھ طاس معاہدے کے مستقبل پر سوالیہ نشان ہے بلکہ یہ رویہ بین الاقوامی ذمہ داریوں سے گریز کے تاثر کو بھی تقویت دے رہا ہے۔

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور طلال چوہدری سے مفتی منیب الرحمٰن کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے، مذہبی سکالر، معروف عالم دین مفتی منیب الرحمٰن کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی صورتحال، قیام امن اور مذہبی ہم آہنگی سمیت علمائے کرام کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علمائے کرام کے مسائل کے حل کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ کمیٹی کی قیادت وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کریں گے۔ ارکان میں مفتی منیب الرحمٰن اور دیگر جید علمائے کرام اس کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ یہ کمیٹی مسائل کے مستقل اور قابل عمل حل کے لیے اپنی سفارشات پیش کرے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مفتی منیب الرحمٰن اور دیگر علمائے کرام کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ مفتی منیب الرحمٰن سب کے لیے قابل احترام ہیں اور انہوں نے ہمیشہ اتحاد، اتفاق اور یکجہتی کا درس دیا ہے۔ وہ سب کو متحد رکھنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ محسن نقوی نے زور دیا کہ ہم سب ایک ہیں اور پاکستان سب سے پہلے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے، مذہبی سکالر، معروف عالم دین مفتی منیب الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں

امریکہ پوری دنیا کا معاشی انجن، یورپی ممالک صلاحیت پر توجہ دیں

ڈونلڈ ٹرمپ

یورپ میں کچھ جگہیں اب قابل شناخت نہیں رہیں، عوامی ہجرت نے یورپ کو نقصان پہنچایا ہے، سبز توانائی پر توجہ ہے، ہم مہنگائی کو ختم کرنے میں کامیاب رہے

ڈیوس: (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا پوری دنیا کا معاشی انجن ہے، مجھے یورپ سے پیار ہے مگر وہ سیدھے راستے پر نہیں چل رہا، یورپی ممالک امریکا کی طرح اقتصادی اصلاحات کریں۔ ڈیوس میں عالمی اقتصادی فورم سے خطاب میں امریکی صدر نے کہا کہ یورپ میں کچھ جگہیں اب قابل شناخت نہیں رہیں، عوامی ہجرت نے یورپ کو نقصان پہنچایا ہے، سبز توانائی پر توجہ ہے، ہم مہنگائی کو ختم کرنے میں کامیاب رہے، میری صدارت میں امریکی معیشت ترقی کر رہی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکا نے تاریخ میں اتنی معاشی ترقی نہیں دیکھی جتنی اب ہو رہی ہے، امریکا پوری دنیا کا معاشی انجن ہے، ہم ونیز ویلا کی مدد کر رہے ہیں، اب وہ بہت شاندار جا رہا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

ورلڈ اکنامک فورم اجلاس: وزیراعظم کی ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کا امکان

زیورخ (یو این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف ورلڈ اکنامک فورم کے 56ویں سالانہ اجلاس میں شرکت کے لیے سوئٹزرلینڈ پہنچ چکے ہیں جہاں اجلاس کے دوران ان کی مختلف عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں متوقع ہیں اس موقع پر وزیراعظم کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے بھی ملاقات کا امکان ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق زیورخ کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سوئٹزرلینڈ میں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

گل پلازہ میں ایک دکان سے 30 لاشیں برآمد، جاں بحق افراد کی تعداد 61 ہو گئی

کراکری کی دکان سے ہم نے خود 14 افراد کی باقیات نکالی ہیں، ہماری دکان میزنائن فلور پر ہے، واقعے کے وقت ہمارے کزن اور ملازمین بھی تھے۔ سلمان نے کہا کہ دکان میں بڑی تعداد میں خواتین اور دیگر افراد بھی موجود تھے، مالک سلمان

کراچی (یو این پی) کراچی کے گل پلازہ کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں ہیں جس کے بعد ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 61 ہو گئی ہے۔ بدھ کو گل پلازہ میں سرچ آپریشن جاری رہا جس کے دوران میزنائن فلور کی ایک دکان سے 30 لاشیں ملیں۔ ڈی ایس ایکسپلوزل جنرل (ڈی آئی جی) ساؤتھ اسد رضا نے کہا کہ گل پلازہ کے میزنائن سے 30 لاشیں ملی ہیں، تمام 30 لاشیں ایک کراکری کی دکان سے ملی ہیں، لوگوں نے خود کو بچانے کیلئے دکان میں بند کر لیا تھا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ نے کہا کہ ان افراد کی آخری موبائل لوکیشن بھی اسی جگہ کی آئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع پر تیسرے فلور پر ریسکیو آپریشن وقتی طور پر روکا گیا۔ دکانداروں نے میزنائن فلور پر لوگوں کی موجودگی کی نشاندہی کی گئی تھی، عمارت سے ملبہ ہٹانے کا کام روک دیا گیا، پہلے لاشیں نکالی جا رہی ہیں، ساؤتھ گل پلازہ سے ملنے والی لاشوں کی تعداد 61 ہو گئی ہے۔ گل پلازہ میں کراکری کی دکان کے مالک سلمان نے کہا کہ کراکری کی دکان سے ہم نے خود 14 افراد کی باقیات نکالی ہیں، ہماری دکان میزنائن فلور پر ہے، واقعے کے وقت ہمارے کزن اور ملازمین بھی تھے۔ سلمان نے کہا کہ دکان میں بڑی تعداد میں خواتین اور دیگر افراد بھی موجود تھے۔ پولیس سرجن ڈاکٹر سعیہ نے کہا کہ ہمارے پاس اب تک دو دکانوں سے 21 باقیات لائی گئی ہیں، ہم ابھی کنفرم نہیں کر سکتے کہ یہ 21 لاشیں ہی ہیں یا کتنے افراد کی باقیات ہو سکتی ہیں، صبح سے سول ہسپتال میں صرف باقیات ہی لائی گئی ہیں۔ کمشنر کراچی کے مطابق ہمارے ڈیٹا کے مطابق 86 افراد لاپتہ ہیں۔

پنجاب حکومت نے لاہور کو 2 حصوں میں تقسیم کرنے کی منظوری دیدی

لاہور (یو این پی) پنجاب حکومت کی جانب سے صوبائی دارالحکومت لاہور کو 2 حصوں میں تقسیم کرنے کی منظوری دے دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور کو 2 اضلاع میں تقسیم کرنے کے معاملے پر پیشرفت ہوئی ہے اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے لاہور کو 2 حصوں میں تقسیم کرنے کی اصولی منظوری دیدی، اس حوالے سے ہونے والے اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ بسنت کے فوری بعد لاہور کی انتظامی ری سٹرکچرنگ کا آغاز کرتے ہوئے لاہور کی آبادی اور انتظامی دباؤ کم کرنے کیلئے شہر کو 2 حصوں میں تقسیم کیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

Editorial ایڈیٹوریل

چین کے تعاون سے پاکستان کا روشن زرعی مستقبل

وزیراعظم شہباز شریف نے زراعت، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) سمیت مختلف شعبوں میں چین کی ترقی کو مثال قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان چین کے تجربات اور مہارت سے استفادہ کر کے سالوں میں نہیں مہینوں میں کمال کر سکتا ہے۔ نوجوان ہمارا مستقبل اور آنے والے کل کی امید ہیں، چین پاکستان کا آزمودہ دوست اور زراعت میں پاکستان کی ہر ممکن مدد کے لئے تیار ہے۔ پاکستان کی معیشت استحکام کے بعد پائیدار ترقی کی جانب گامزن ہے، سی پیک 2. کو حقیقت اور کامیابی میں ڈھالیں گے، چین سے جدید زراعت کی تربیت حاصل کرنے والے ایک ہزار زرعی گریجویٹس زرعی معیشت کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں پاک چین ایگری انویسٹمنٹ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رانا تنویر حسین، جام کمال، اویس لغاری، عطاء اللہ تارڑ، شمزا فاطمہ خواجہ آصف سمیت وفاقی وزراء، وزراء مملکت، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ ٹائی ڈونگ، بیجنگ میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی، پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے نمائندے اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا پاک چین ایگری انویسٹمنٹ کانفرنس سے خطاب محض ایک تقریر نہیں بلکہ پاکستان کے زرعی، معاشی اور تکنیکی مستقبل کا واضح روڈ میپ ہے۔ انہوں نے زراعت، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں چین کی غیر معمولی ترقی کو مثالی قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ اگر پاکستان چینی تجربات، مہارت اور ٹیکنالوجی سے درست انداز میں استفادہ کرے تو وہ ترقی کے مراحل دیکھتے ہی دیکھتے طے کر سکتا ہے۔ یہ سوچ دراصل قومی خود اعتمادی، نوجوانوں پر یقین اور مستقبل کی سمت کا تعین ہے۔ وزیراعظم نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ملکی معیشت استحکام کے مرحلے سے گزر کر اب پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکی ہے اور سی پیک 2. کو عملی شکل دے کر اسے کامیابی کی مثال بنایا جائے گا۔ چین سے جدید زرعی تربیت حاصل کرنے والے ایک ہزار پاکستانی زرعی گریجویٹس اگر درست سمت میں کام کریں تو وہ پاکستان کی زرعی معیشت کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ زرعی شعبے میں بے پناہ مواقع موجود ہیں، تاہم ان سے فائدہ اٹھانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی، سائنسی تحقیق اور عملی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ پانی کے مؤثر استعمال، جدید کاشتکاری کے طریقوں، ویلیو چین، کولڈ چین اور ویلیو ایڈیشن کو فروغ دیے بغیر زرعی انقلاب ممکن نہیں۔ اگرچہ کچھ کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں، لیکن ابھی بہت سا کام باقی ہے، جس کے لیے سائنسدانوں، زرعی ماہرین اور کسانوں کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔

مذہبی، قومی اور ثقافتی تہوار

اللہ دتہ نجمی

صدیوں سے قومیں اپنے مذہبی، قومی اور ثقافتی تہوار پورے جوش و ولولے اور روایتی شان و شوکت سے منانے میں پیش پیش رہتی رہی ہیں اور یہ سلسلہ مادی مسابقت کی تیز رفتار دوڑ کے باوجود تھوڑی بہت تبدیلیوں کے ساتھ ہنوز جاری و ساری ہے۔ بیش قیمت وقت صرف کرنے اور خون پسینے کی کمائی کو اپنی حیثیت سے بڑھ کر خرچ کرنے میں بھی بخل سے کام نہیں لیا جاتا بلکہ ہر دفعہ ان تہواروں کو پہلے کے مقابلے میں مزید جاندار اور یادگار بنانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے۔ مذہبی تہوار بظاہر پاک پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے منائے جاتے ہیں لیکن ان میں بچوں کی خوشیاں دوبالا کرنے کے ساماں بھی بدرجہ اتم موجود ہوتے ہیں۔ قومی تہواروں کے موقع پر قومی جذبہ بے غالب نظر آتا ہے۔ یوم آزادی پر تو یہ جذبہ بے قابو ہو کر جام شاعر کی طرح چھلک چھلک جاتا ہے۔ مثلاً 14 اگست کو ہمارے 'نچلے نہ بیٹھنے والے' منچلے نوجوان موٹر سائیکل کے سائلنسر سے بانسری نکال کر اسے سڑکوں پر بل کھاتی مست ناگن کی طرح حرکت دیتے نظر آتے ہیں۔ ایک موٹر سائیکل پر تعداد میں چار چار "مائی کے لعل" نچائے کیسے سما جاتے ہیں۔ موٹر سائیکل سواروں کو باجماعت دن ویلنگ کرتے دیکھ کر خشک لبوں سے بے ساختہ غیر موافق جملوں کے ساتھ ساتھ دعائیہ کلمات کی ادائیگی دہرانے کا خود کار عمل بھی شروع ہو جاتا ہے۔

دنیا بھر میں بیاہ شادی کی تقریبات روایتی تہواروں کی مانند خصوصی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ جوڑے (couples) حسب حیثیت شادی پر فراخ دلی سے خرچہ کرتے نظر آتے ہیں مگر ہمارے ہاں شادی کے موقع پر پیسہ یوں بے دریغ انداز میں بہایا اور اڑایا جاتا ہے کہ دیکھنے والے عش عش/ اش اش کر اٹھتے ہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے یہ خون پسینے کی کمائی نہیں لوٹ مار کا مال ہو۔ ویسے دیکھا جائے تو لوٹ مار کی کمائی میں مار بھی پڑ سکتی ہے، پسینہ بھی بہہ سکتا ہے اور بعض اوقات خون بہنے یا خون ہونے کے واضح امکانات بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔ کبھی شادی کے موقع پر سکے پھینکنے کا رواج ہوا کرتا تھا مگر آجکل نو دو تیجے ہزار ہزار اور پانچ پانچ ہزار کے کرارے نوٹ پھینکنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ چند شادیوں میں تو موبائل فون لوٹانے کے دلچسپ واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔ ایسی سرگرمی کو یار لوگ عزت کا سوال اور ناک کا مسئلہ قرار دیتے ہیں۔ ان کے خیال میں اس شاہ خرچی سے ناک کی حرمت اور دولہے کی خاندانی عزت و منزلت میں نکھرا ہوا واضح اضافہ محسوس ہوتا ہے۔ ایسے موقعوں پر ہمارے معاشرتی اصولوں کے تحت جسم کے دوسرے اعضا کے مقابلے میں ناک کو بہت اہمیت حاصل ہو جاتی ہے۔ شاید اسی وجہ سے دوسرے اعضاء مثلاً بال/ زلفیں، پیشانی، لب، دانت، رخسار، گردن، کلائی وغیرہ عشقیہ شاعری میں کلی مہارت رکھنے والے شاعروں کے سپرد کر دیے جاتے ہیں۔

اگر نئے شمسی سال کے تہوار کی بات کریں تو یہ بھی پوری دنیا میں پوری آن بان اور دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ شہروں کو روشنیوں سے سجا کر، آتشبازی کے مظاہروں اور رنگارنگ تقریبات کے اہتمام کے ذریعے سال نو کو خوش آمدید کہا جاتا ہے۔ اس کو منانے کی ابتدا جولین کیلنڈر ترتیب دینے سے ہوئی۔ رائج الوقت رومن کیلنڈر میں پائی جانے والے سقم دور کرنے کے لیے روم کے بادشاہ جولیس سیزر نے سال کی طوالت 365.25 دن مقرر کرتے ہوئے ہر چار سال کے بعد آنے والے سال کو Year-Leap کا نام دیا اور یکم جنوری سال کا پہلا دن قرار پانے سے نئے سال کا جشن منانے کی ابتدا ہوئی۔ بعد میں خواتین کو پہلی بار یہ حق دیا گیا کہ وہ لیپ کے دن (29 فروری) اپنے کسی پسند کے مرد کو شادی کی پیشکش کر سکتی ہیں۔ نیز کلی خیال کے باعث طرز کہن کی جگہ جب آئین نو نے لے لی تو خواتین کی اس حق پر رسائی سال کے تمام دنوں تک وسعت اختیار کر گئی۔ ساتھ ہی ساتھ نیا سال منانے کا رواج بھی پوری دنیا میں پھیل گیا۔

باقی تہواروں کے برعکس نیا سال منانے کا انداز جداگانہ نوعیت کا ہوتا ہے۔ اگرچہ اس موقع پر دوسرے تہواروں کی طرح سرکاری چھٹی نہیں ہوتی مگر پھر بھی یہ ہر پیر و جواں میں خوشی اور جوش کی کیفیت بیدار کرنے کا سبب بنتا ہے۔ امریکہ، یورپ اور دنیا کے باقی ممالک میں رات کے بارہ بجے سوئی پر سوئی چڑھتے ہی عالم سرشاری میں لوگ دیوانہ وار جھوم اٹھتے ہیں۔ مشہور ہے کہ بارہ بجنے کی کیفیت سکھ کیفیتی پر بھی طاری رہتی ہے اور وہ بھی روزانہ کی جس کیفیت پر سکھوں کے بہت سے لطیفے ہر کتبہ فکر میں زیر گردش رہتے ہیں۔ بسا اوقات تو اداس، متفکر اور پریشان حال بندے کے چہرے کی طرف اشارہ کر کے بھی کہہ دیا جاتا ہے کہ اس پر تو بارہ بجے ہیں۔ نیا سال پرانے سال کو ماضی کے حوالے کر کے ظہور پذیر ہوتا ہے۔ میڈیا، مورخین اور دانشور گزشتہ سال پر اپنی اپنی بصیرت کے مطابق تبصرے اور تجزیے پیش کرتے ہیں اور پچھلے سال میں آنے والے اہم واقعات اور اپنے تجربات کو سامنے رکھتے ہوئے نئے سال کا خاکہ تیار کرتے ہیں جو زیادہ تر ان کی نیک خواہشات اور دعائیہ انداز فکر پر مشتمل ہوتا ہے۔ ویسے بھی نئے سال کے موقع پر ہر کوئی ذاتی، اجتماعی اور بین الاقوامی حالات کو پرسکون طریقے سے گزرنے کی دعائیں ضرور کرتا ہے۔ روم میں سال نو کے موقع پر 32 ملین زائرین پوپ فرانسس کا خطاب اور دعائیہ کلمات سننے کے لئے جمع ہوئے۔

ویلنس، سوئٹزرلینڈ کی ایک رپورٹ کی ایک پر ہجوم بار میں سال نو کی تقریب میں آگ بھڑکنے سے 40 سے زیادہ افراد ہلاک اور 100 کے قریب زخمی ہو گئے۔ اسکے باوجود لوگوں نے شدید سردی اور منفی درجہ حرارت کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پانی میں چھلانگیں لگا کر نیا سال منایا۔

ہمیشہ حقائق ہی تسلیم کئے جاتے ہیں!!!

رحمت خان وردگ

الحمدللہ اس وقت پاکستان کی سٹاک مارکیٹ کا انڈیکس تاریخ میں بلند ترین سطح 16900 پر پہنچ چکا ہے۔ حالانکہ جب یہ حکومت آئی تھی تو اس وقت اسٹاک مارکیٹ انڈیکس 38000 پر تھا۔ ڈالر گزشتہ طویل عرصے سے ایک جگہ مستحکم ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر اطمینان بخش سطح پر پہنچ چکے ہیں۔ 2022-23ء کی نسبت مہنگائی اور معاشی افراتفری میں انقلابی کمی آئی ہے۔ بجلی کے ٹیرف میں بھی کمی دیکھنے میں آرہی ہے۔ ملکی درآمدات اور برآمدات کی شرح بھی اطمینان بخش ہے اور یوسیہ لاکھوں ٹن مال کی درآمد و برآمد ہو رہی ہے۔ ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ معاشی محاذ پر اسٹاکس کمیٹی کی کارکردگی قابل تحسین ہے اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں بھاری سرمایہ کاری پر آمادہ کیا گیا ہے چنانچہ مختلف شعبہ جات میں مسلسل معاہدے ہو رہے ہیں۔ اسی طرح برادر اسلامی ممالک پاکستان میں بھاری سرمایہ کاری کے معاہدے کر رہے ہیں۔

آئے روز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم میاں شہباز شریف کو عالمی طور پر مدعو کیا جاتا ہے اور دنیا بھر میں پاکستانی سول و ملٹری قیادت کی تعریفیں کی جا رہی ہیں۔ ان سب مثبت حالات میں کچھ صنعت کار اور کاروباری افراد سوشل و الیکٹرانک میڈیا پر بیٹھ کر ان تمام مثبت معاشی اعشاریوں کے خلاف بیانیہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے میں عام آدمی کے لئے یہ سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے کہ آیا ملک درست سمت کی جانب گامزن ہے یا خدانخواستہ معاشی بدحالی کی سمت جا رہا ہے۔ ایسے میں عام آدمی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس بات کو اچھی طرح سمجھے کہ جب 2022ء میں تحریک عدم اعتماد کے وقت ملک کی معاشی حالت ابتر تھی اور اس وقت کے حکمرانوں کی خواہش تھی کہ خدانخواستہ ملک دیوالیہ ہو جائے تو اب الحمدللہ پاکستان ان معاشی مشکلات سے مکمل طور پر بہت تیزی کے ساتھ نکل چکا ہے۔

اب اگر کوئی ملک کو دیوالیہ کرنے کی خواہش مند سیاسی قیادت اور ان کے ہم خیال کاروباری افراد کی باتیں درست تسلیم کرتا ہے تو ظاہر ہے وہ کفران نعمت کا شکار ہوگا جبکہ وہ تمام معاشی اعشاریوں اور حقائق کو جانچتا ہے تو وہ ملک کی موجودہ سول و عسکری قیادت سے مکمل طور پر مطمئن ہو جائے گا جس نے دیوالیہ پن کے قریب پہنچے ملک کو اس قدر تیز رفتاری سے معاشی استحکام بخشا کہ اس کی دنیا میں مثال نہیں ملتی۔ پاکستان قدرتی طور پر تمام وسائل سے مالا مال ملک ہے اور پاکستانی قوم بطور مجموعی ایک جفاکش قوم ہے۔ اس ملک کو درست قیادت ملنے پر دنیا نے دیکھا کہ بدترین معاشی حالات سے تیز رفتاری سے نکل آنا بھی صرف پاکستانی قوم کا ہی خاصہ ہے۔

موجودہ سول و ملٹری قیادت کو کرپشن کے خاتمے کے لئے سخت قوانین بنا کر ان پر عملدرآمد کرنا ہوگا۔ اگر ہم کرپشن پر قابو پا کر ٹیکس وصولی کے نظام میں بہترین اصلاحات کر کے کم از کم شرح اور آسانی پیدا کر لیتے ہیں تو یقینی طور پر ہمیں عالمی مالیاتی اداروں سے قرض لینے کی قطعی ضرورت نہیں رہے گی۔ اس بارے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم میاں شہباز شریف کو چاہئے کہ اسٹاکس کمیٹی میں کرپشن کے خاتمے اور ٹیکس اصلاحات و ٹیکس ایمنسٹی اسکیم کے بارے میں مشاورت کریں تاکہ نچلی سطح پر موجود کرپشن کا خاتمہ بھی اسی تیزی سے کیا جا سکے جس تیزی سے ملک معاشی بدحالی سے نکلا ہے۔

ملک کے نوجوانوں کو اصل حقائق سے آگاہ کر کے ملک دشمن زہریلے پروپیگنڈے سے بچانے کے لئے ہمارے ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی کاوشیں اور انتھک محنت داد و تحسین کے لائق ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر ملک بھر کی یونیورسٹیوں کالجز بڑے مدارس میں جا کر نوجوان طلباء، اساتذہ کرام اور عام عوام کو ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی اصل خطرات سوشل میڈیا کے منفی استعمال سے ملک کو پہنچنے والے ممکنہ نقصانات اور اس وقت ملک کی حقیقی معاشی و دفاعی صورتحال سے نہ صرف آگاہ کر رہے ہیں بلکہ نوجوانوں کو سوالات کر کے ہر طرح سے ذہنی طور پر مطمئن کرنے کی ذمہ داری بھی ڈی جی آئی ایس پی آر بہت شاندار طریقے سے نبھا رہے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری اس بات کا مکمل ادراک رکھتے ہیں کہ سوشل میڈیا پر زہریلے پروپیگنڈے کے ذریعے نوجوان نسل کے ذہنوں میں ملک کے دفاع، معیشت و سیاست سمیت مختلف شعبہ جات کے بارے میں شکوک و شبہات بٹھانے کی کوششیں کی جاری ہیں اسی لئے تمام محب وطن سرکاری و غیر سرکاری افراد، کھلاڑیوں، وکلاء، انجینئرز، اساتذہ کرام، علمائے دین، سیاستدانوں، طلباء الغرض کہ ہر شعبے سے منسلک افراد کی ذاتی ذمہ داری ہے کہ ملک دشمن پروپیگنڈے کے سامنے آہنی دیوار بن کر قوم کی درست رہنمائی کے لئے اپنی بھرپور کوشش بروئے کار لائے۔

مئی 2025ء میں عسکری محاذ پر بھارت کی بدترین شکست کے بعد دشمن ملک اب دیگر محاذوں پر پاکستان میں بے چینی پیدا کرنے کے لئے فعال ہو چکا ہے۔

گل پلازہ حادثہ سانحہ کیسے بن گیا۔۔۔؟

میاں حبیب

حادثہ کہیں بھی ہو سکتا ہے لیکن خطرات کو بھانپنے کے باوجود آنکھیں بند کر لینا، حفاظتی انتظامات کو نظرانداز کر دینا مسلمہ اصولوں کی خلاف ورزی اور لاپرواہی کے نتیجے میں جنم لینے والے حادثات اور سانحات واقعات نہیں بلکہ خودکشی کے زمرے میں آتے ہیں اور ان اجتماعی خودکشیوں کے ذمہ دار وہ تمام لوگ ہوتے ہیں جو سمجھوتوں کے ساتھ آنکھیں بند کر لیتے ہیں آپ ذرا تصور کریں کہ اگر آپ کی گاڑی کی بریک درست کام نہیں کر رہی اور پھر بھی آپ رسک لے کر اسے سڑک پر لے آتے ہیں اور صرف اس سوچ کے تحت کہ پہلے بھی تو چل رہی ہے کچھ نہیں ہوگا اور پھر وہ کسی حادثہ کا شکار ہو جائے تو یہ حادثہ نہیں بلکہ خودکشی ہے اسی طرح اگر کوئی شوگر کا مریض بداعتدالی کرتے ہوئے دوائی نہ لے بلکہ میٹھے پر ہاتھ صاف کر رہا ہو اور اس کے نتیجے میں اس کی موت ہو جائے تو یہ اللہ کی طرف سے آئی نہیں کہیں گے بلکہ یہ سیدھی سیدھی خودکشی ہوگی۔ ہماری معاشرتی بدقسمتی ہے کہ ہم چل چلاؤ والے کام کرتے ہیں کسی بھی معاملہ میں ایکوریسی نہیں، کبھی آپ نے اندازہ لگایا ہے کہ پاکستان میں روزانہ ہزاروں ٹریفک حادثات کیوں رونما ہوتے ہیں۔ پاکستان ٹریفک حادثات میں انسانی اموات میں دنیا کے ٹاپ ملکوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہماری گاڑیاں مکمل فٹ نہیں ہوتیں، ہمارے ڈرائیور مکمل تربیت یافتہ ڈرائیور نہیں ہوتے، ہم ٹریفک روڈز کی پابندی نہیں کرتے، ہم ہر شعبے میں آنکھیں بند کر لیتے ہیں آپ ذرا تصور کریں کہ اگر آپ کی گاڑی کی بریک درست کام نہیں کر رہی اور پھر بھی آپ رسک لے کر اسے سڑک پر لے آتے ہیں اور صرف اس سوچ کے تحت کہ پہلے بھی تو چل رہی ہے کچھ نہیں ہوگا اور پھر وہ کسی حادثہ کا شکار ہو جائے تو یہ حادثہ نہیں بلکہ خودکشی ہے اسی طرح اگر کوئی شوگر کا مریض بداعتدالی کرتے ہوئے دوائی نہ لے بلکہ میٹھے پر ہاتھ صاف کر رہا ہو اور اس کے نتیجے میں اس کی موت ہو جائے تو یہ اللہ کی طرف سے آئی نہیں کہیں گے بلکہ یہ سیدھی سیدھی خودکشی ہوگی۔ ہماری معاشرتی بدقسمتی ہے کہ ہم چل چلاؤ والے کام کرتے ہیں کسی بھی معاملہ میں ایکوریسی نہیں، کبھی آپ نے اس بات کا خیال کیا کہ اتنی بھیڑ کی جگہ میں کسی بھی حادثہ کی صورت میں کس قسم کے حفاظتی انتظامات کی ضرورت ہے۔ نہ وہاں کاروبار کرنے والوں نے کبھی اس طرف دھیان دیا نہ وہاں آنے والے لاکھوں نے کبھی اس کا خیال کیا، نہ ہی مالکان نے کبھی اس پر توجہ دی اور ہمارا مانیٹرنگ کرنے والا نظام تو اتنا بوسیدہ ہو چکا ہے کہ وہ آنکھیں بند کر کے کا باقاعدہ معاوضہ وصول کرتا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ہر دوکان میں آگ بجھانے کے آلات موجود ہوتے لیکن میں گارنٹی سے کہہ سکتا ہوں پورے پلازے میں نہیں ہوں گے۔ اگر کہیں نمائشی طور پر رکھے ہوں گے تو وہ کام ہی نہیں کرتے ہوں گے۔ جہاں آگ لگی تھی اگر اسی جگہ پر آلات موجود ہوتے تو آگ کو وہیں قابو کیا جا سکتا تھا فائر بریگیڈ کے آنے تک آگ بے قابو ہو چکی تھی۔ اب صدر مملکت اور وزیراعظم سے لے کر ہر کوئی اس سانحہ پر افسردگی کا اظہار کر رہا ہے۔ اگر کسی ایک بھی متعلقہ اتھارٹی نے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہوتا تو لوگوں کو یہ قیامت نہ دیکھنی پڑتی۔ انتہائی بدقسمتی ہے کہ ہم ہر ایسے واقعہ پر غمزدہ ہونے اور ٹسوے بہانے کے بعد پھر بے حسی کی موٹی چادر اوڑھ کر گہری نیند سو جاتے ہیں۔

اسی طرح بلڈنگ انسپکٹر طے شدہ نقشہ کی خلاف ورزی پر مٹھی گرم ہونے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کر لیتا ہے اور طے شدہ داخلی و خارجی راستے بھی دوکانوں کا روپ دھار لیتے ہیں۔ پیسے کی ہوس نے انسانیت کو دفن کر دیا ہے ہم ایسی ایسی تعمیرات کی اجازت دے دیتے ہیں جو نظر آرہی ہوتی ہیں کہ یہ کسی بھی وقت حادثہ کا باعث بن سکتی ہیں۔ وہاں نہ ہوا کا انتظام ہوتا ہے نہ روشنی کا لیکن ہر کوئی اپنا اپنا حصہ وصول کر کے خاموشی اختیار کر لیتا ہے۔ ذرا سوچیں کہ کراچی میں گل پلازہ میں لگنے والی آگ نے سانحہ کا رخ کیسے اختیار کیا۔ اب پتہ نہیں یہ آگ حادثاتی طور پر لگی یا لگائی گئی لیکن یہ آگ 26 انسانی جانیں نگل گئی، 75 کے قریب افراد لاپتہ ہیں، زخمی علیحدہ ہیں، اربوں روپے کا لوگوں کا مالی نقصان ہوا ہے۔ یہ پلازہ 500 دوکانوں پر مشتمل تعمیر تھی جو آلٹریشن کرتے کرتے 1200 دوکانوں تک جا پہنچی۔ کہنے کو تو اس کے 14 داخلی و خارجی راستے تھے لیکن تجاوزات اس قدر ہیں کہ دو بندے ایک ساتھ نہیں گزر سکتے۔ اب ذرا اندازہ لگائیں کہ 1200 دوکانوں پر ایک ایک دو دو ملازم بھی ہوں اور ہر دوکان پر دو چار گاہک بھی ہوں تو ہر وقت اس پلازے میں چار پانچ ہزار افراد موجود ہوں گے۔ کیا کبھی کسی نے اس بات کا خیال کیا کہ اتنی بھیڑ کی جگہ میں کسی بھی حادثہ کی صورت میں کس قسم کے حفاظتی انتظامات کی ضرورت ہے۔ نہ وہاں کاروبار کرنے والوں نے کبھی اس طرف دھیان دیا نہ وہاں آنے والے لاکھوں نے کبھی اس کا خیال کیا، نہ ہی مالکان نے کبھی اس پر توجہ دی اور ہمارا مانیٹرنگ کرنے والا نظام تو اتنا بوسیدہ ہو چکا ہے کہ وہ آنکھیں بند کر کے کا باقاعدہ معاوضہ وصول کرتا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ہر دوکان میں آگ بجھانے کے آلات موجود ہوتے لیکن میں گارنٹی سے کہہ سکتا ہوں پورے پلازے میں نہیں ہوں گے۔ اگر کہیں نمائشی طور پر رکھے ہوں گے تو وہ کام ہی نہیں کرتے ہوں گے۔ جہاں آگ لگی تھی اگر اسی جگہ پر آلات موجود ہوتے تو آگ کو وہیں قابو کیا جا سکتا تھا فائر بریگیڈ کے آنے تک آگ بے قابو ہو چکی تھی۔ اب صدر مملکت اور وزیراعظم سے لے کر ہر کوئی اس سانحہ پر افسردگی کا اظہار کر رہا ہے۔ اگر کسی ایک بھی متعلقہ اتھارٹی نے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہوتا تو لوگوں کو یہ قیامت نہ دیکھنی پڑتی۔ انتہائی بدقسمتی ہے کہ ہم ہر ایسے واقعہ پر غمزدہ ہونے اور ٹسوے بہانے کے بعد پھر بے حسی کی موٹی چادر اوڑھ کر گہری نیند سو جاتے ہیں۔

لاہور کی خبریں

لاہور: ایک موریہ پل کے قریب اوورہیڈ برج پر سٹریٹ لائٹس مرمت کی جا رہی ہیں

وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کا پنجاب ریونیو اتھارٹی کا دورہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور موثر انفورسمنٹ پر زور

لاہور (یو این پی) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے پنجاب ریونیو اتھارٹی کا دورہ کیا جہاں چیئرمین پی آر اے مظہر اقبال سپرا نے انہیں ادارے کی کارکردگی، محصولات کی وصولی اور ٹیکس نظام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر خزانہ نے ٹیکس نظام میں شفافیت، ٹیکس چوری کے خاتمے اور موثر انفورسمنٹ کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پی آر اے کی کارکردگی پنجاب حکومت کے مالی وضبط کی کامیابی کی واضح علامت ہے۔ انہوں نے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں محصولات میں 33 فیصد اضافی گروتھ کو خوش آئند قرار دیا۔ مجتبیٰ شجاع الرحمان نے بتایا کہ جولائی سے دسمبر 2025 تک 149.5 ارب روپے کی ٹیکس وصولیاں ہدف کے حصول کی جانب بہترین پیش رفت ہیں۔ اگر پی آر اے اسی رفتار سے کام جاری رکھے تو سالانہ اہداف سے بڑھ کر نئے ریکارڈ قائم کرے گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ٹیکس وصولیوں میں اضافے کے لیے حکومت ٹیکس نیٹ کے پھیلاؤ کی پالیسی پر گامزن ہے اور موثر انفورسمنٹ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے ڈیٹا بیسڈ مانیٹرنگ اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے پی آر اے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سرمد سکیمز میں ٹیکس میں وسعت سے محصولات میں خاطر خواہ اضافے کا خفیہ ہے جبکہ ریونیو میں اضافہ حکومت پنجاب کے ترقیاتی ایجنڈے کی بنیاد ہے۔ بہتر مالی وسائل سے عوام کو تعلیم، صحت، سماجی تحفظ اور انفراسٹرکچر کی بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ مجتبیٰ شجاع الرحمان نے پی آر اے میں لارج ٹیکس پیئرز آفس اور آؤٹ ڈور ٹیکس آفیسرز کے قیام کو کارکردگی میں بہتری کا اہم قدم قرار دیا اور کہا کہ حکومت پنجاب وفاقی اداروں کے تعاون سے بقایاجات کی وصولی اور مستقبل میں ٹیکس کمپلائنس کو یقینی بنائے گی۔

گیلپ کی ملکی معیشت اور عوامی حالات کے حوالے سے رپورٹ تشویشناک ہے، جاوید قصوری

لاہور (یو این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ گیلپ پاکستان کی ملکی معیشت اور عوامی حالات حوالے سے تازہ رپورٹ تشویشناک ہے، بڑھتے ہوئے بجلی اور گیس کے بل پاکستانی گھریلو بجٹ پر سب سے بڑا بوجھ بن چکے ہیں، متوسط اور غریب طبقہ یوٹیلٹی اخراجات پورے کرنے کے لیے اپنی بنیادی ضرورت یعنی خوراک پر خرچ کم کرنے پر مجبور ہو چکا ہے۔ محمد جاوید قصوری نے لاہور میں مختلف عوامی دفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور خاندانی بلوں نے عوام کی زندگی مملا اجیرن بنا دی ہے۔ بجلی کے بوجھ گیس کے بھاری بھرکم بلوں نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے۔ عوام نہ صرف مالی بلکہ شدید ذہنی دباؤ کا شکار ہیں۔ لوگوں کے لیے دو وقت کی روٹی، بچوں کی تعلیم اور علاج جیسے بنیادی معاملات پورے کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے، مگر افسوس کہ حکمران طبقہ عوام کے دکھ درد سے مکمل طور پر لاتعلق دکھائی دیتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں کسی قسم کا حقیقی ریلیف عوام کو میسر نہیں۔ مہنگائی کی شرح میں اضافہ، اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ اور یوٹیلٹی بلوں نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب عوام فاقہ کشی پر مجبور ہوں تو حکمران قرض لینے پر جشن کیوں منا رہے ہیں؟ یہ ذہنی غلامی اور قومی پستی کی بدترین مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی قرضوں پر انحصار دراصل آنے والی نسلوں کو گروی رکھنے کے مترادف ہے۔ حکمران وقتی کامیابی کے طور پر قرض کے حصول کو پیش کرتے ہیں، مگر اس کا اصل بوجھ غریب عوام پر ہی لادا جاتا ہے، جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر بجلی اور گیس کے نرخوں میں نمایاں کمی کرے، ناجائز ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے اور عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

پنجاب کے تعلیمی ادارے سیف سٹی کے سسٹم سے منسلک

لاہور (یو این پی) پنجاب کے 30 ہزار سے زائد تعلیمی اداروں کو سیف سٹی کے سسٹم سے منسلک کر دیا گیا۔ سکول کالجز، یونیورسٹی کے نمائندگان دن میں تین بار سیفٹی ایپ پر سکیورٹی سٹیٹس اپڈیٹ کریں گے۔ پنجاب کے سرکاری و غیر سرکاری تعلیمی اداروں کی سکیورٹی ایک کلک پر چیک ہوگی۔ ورچوئل سینٹر فار ایجوکیشنل سکیورٹی کو آپریشنل کر دیا گیا۔ منصوبے کے تحت 30 ہزار تعلیمی ادارے ایک لاکھ 30 ہزار اساتذہ و سکیورٹی سٹاف کی رجسٹریشن ہوگی۔ تعلیمی اداروں کے عملے کے لیے پیک سیفٹی ایپ انسٹال کرنا لازم ہوگا۔ حکام کے مطابق تعلیمی اداروں کے نمائندگان دن میں تین بار ادارے کی سکیورٹی بارے ایپ پر اسٹیٹس اپڈیٹ کریں گے۔ خطرے یا ایمرجنسی کی صورت میں الرٹ جاری ہو جائے گا۔ براہ راست مانیٹرنگ کے لیے تعلیمی اداروں کے کیمرے بھی سیف سٹی سسٹم سے منسلک کرنے کا عمل جاری ہے۔

اوورسیز پاکستانیوں کیلئے گاڑی کی خرید و فروخت میں بڑی سہولت کا فیصلہ

لاہور (یو این پی) اوورسیز پاکستانیوں کو گاڑی کی خریداری اور ٹرانسفر کے عمل میں بڑی سہولت دینے کا فیصلہ کر لیا گیا، اب گاڑی کی خرید و فروخت اور منتقلی پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے بائیو میٹرک تصدیق سے ممکن ہو سکے گی۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد اور سندھ میں پاک آئی ڈی ایپ پر بائیو میٹرک سسٹم کے آغاز کے بعد پنجاب حکومت بھی مشترک ہو گئی ہے۔ ڈی جی ایکسائز کی جانب سے سسٹم انٹگریشن کیلئے نادرا سے دوبارہ رابطہ کر لیا گیا ہے تاکہ سہولت کو جلد از جلد پنجاب میں بھی متعارف کرایا جا سکے۔ پاک آئی ڈی ایپ میں گاڑی نمبر، چیسز نمبر اور مالک کا نام درج کر کے بائیو میٹرک تصدیق کی جا سکے گی۔ اس سے قبل بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو گاڑی ٹرانسفر کیلئے اتھارٹی لیٹر اٹیسٹی سے تصدیق کروا کر پاکستان بھجوانا پڑتا تھا، جو ایک طویل اور پیچیدہ عمل تھا۔

ڈرائیونگ سکول نکانہ صاحب میں رواں سال کا پہلا ٹریفک ڈرائیونگ کورس مکمل

نکانہ صاحب (یو این پی) ڈی پی او فراز احمد کی ہدایت پر ٹریفک پولیس شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے میں مصروف عمل۔ ڈرائیونگ سکول نکانہ صاحب میں رواں سال کا پہلا ٹریفک ڈرائیونگ کورس مکمل کر لیا گیا۔

شوبز

SHOWBIZ

بیٹی کی رخصتی پر گیت گاتے آبدیدہ ہوگیا تھا، راحت فتح علی خان

بیٹی ماہین کی رخصتی پر اپنے والد فرخ فتح علی خان اور استاد نصرت فتح علی خان کی بہت یاد آئی

لاہور (یو این پی) پاکستان کے معروف گلوکار راحت فتح علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ وہ بیٹی کی رخصتی پر گیت گاتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے تھے۔ گلوکار راحت فتح علی خان نے دنیا بھر میں شوز کیے اور رخصتی کے گیت بھی گائے لیکن اپنی بیٹی ماہین کی رخصتی پر گاتے ہوئے ان کی آنکھیں نم ہوگئی تھیں، اس بات کا انکشاف انہوں نے ایک نجی ٹی وی کے شو میں کیا۔ راحت فتح علی خان نے مزید کہا کہ میری اہلیہ نے بیٹی کی شادی کے تمام انتظامات دیکھے، بیٹی ماہین کی رخصتی پر انہیں اپنے والد فرخ فتح علی خان اور استاد نصرت فتح علی خان کی بہت یاد آئی۔

فیصل رحمان کے نئے اسٹائل نے سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کرلی

کراچی (یو این پی) پاکستان کے سینئر اداکار فیصل رحمان کے بالوں کے نئے اسٹائل نے سوشل میڈیا پر خاصی توجہ حاصل کرلی۔ فیصل رحمان کے مطابق وہ کافی عرصے سے لمبے بالوں کو الوداع کہنا چاہتے تھے، تاہم انہیں بالوں کے زیادہ بھرنے کا خدشہ تھا جس کی وجہ سے وہ فیصلہ نہ کر سکے رہے۔ فیصل رحمان کا کہنا ہے کہ نئے ہیئر کٹ کے بعد مداحوں کی جانب سے ملنے والا زبردست اور مثبت ردعمل ان کے اعتماد میں مزید اضافہ کا باعث بنا ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے اداکار کی اس تبدیلی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مختلف دلچسپ تبصرے کیے۔

شیفالی کی موت دل کے دورے سے نہیں کالے جادو سے ہوئی، شوہر کا انکشاف

ممبئی (یو این پی) معروف بھارتی اداکار و شیفالی زری والا کی اچانک موت کو تقریباً ایک سال ہونے کو آ رہا ہے لیکن یہ معاملہ ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گیا ہے۔ مقبول فلمی گانے کانٹا لگا سے شہرت حاصل کرنے والی شیفالی کا انتقال جون 2025 میں صرف 42 سال کی عمر میں ہوا تھا۔ طبی رپورٹس میں موت کی وجہ کارڈیک اریسٹ بتائی گئی تھی جس میں اچانک حرکتِ قلب بند ہو جاتی ہے اور انسان کی اسی وقت موت واقع ہو جاتی ہے۔ تاہم اب شیفالی کے شوہر پراگ تیاگی نے ایک حیران کن دعویٰ کیا ہے جو طبی رپورٹ سے ہٹ کر ایک نیا شیطان بھی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مجھے لگتا نہیں بلکہ مجھے پورا پورا یقین ہے کہ کسی نے کچھ (جادو) کیا تھا۔ کسی نے تو ضرور کیا ہے۔ پراگ تیاگی نے اپنی بات کے ثبوت میں کہا کہ متعدد مواقع پر احساس ہوا کہ کچھ غیر معمولی ہو رہا ہے۔ کچھ تو گزر بد ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک بار تو ہم اس شیطانی چکر سے نکل آئے تھے لیکن اس بار معاملہ کچھ زیادہ ہی بھاری لگتا تھا۔ پراگ تیاگی نے دعویٰ کیا کہ عبادت کے دوران بھی انہیں شیفالی میں کچھ تبدیلیاں محسوس ہوئیں۔ میں تھکن میں مبتلا ہوں تو مجھے احساس ہو جاتا ہے کہ کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ دوسری جانب طبی ماہرین اور اسپتال حکام اب بھی اپنی ابتدائی رپورٹ پر قائم ہیں کہ شیفالی کی موت دل کے دورے کے باعث ہوئی تھی۔

لیکن متنازع پہلو ہے۔ حالیہ پوڈکاسٹ میں پراگ تیاگی نے دعویٰ کیا کہ وہ اپنی اہلیہ کی موت کو صرف طبی وجہ تک محدود نہیں سمجھتے بلکہ شیفالی پر کالا جادو کیا گیا تھا۔ پراگ تیاگی کا کہنا تھا کہ بہت سے لوگ ان چیزوں پر یقین نہیں کرتے مگر میں کرتا ہوں۔ جہاں بھگوان ہے، وہاں شیطان بھی ہے۔

بھارتی کامیڈین ذاکر خان کا کامیڈی سے طویل وقفے کا اعلان

ممکن ہے 2028، 2029 یا پھر 2030 تک، جب وہ اپنی موجودہ ذمہ داریاں مکمل کرلیں گے

ممبئی (یو این پی) معروف بھارتی کامیڈین ذاکر خان نے کامیڈی سے طویل وقفے کا اعلان کیا ہے، انہوں نے اسکی وجہ اپنی صحت اور ذاتی وجوہات بتائی ہیں، انکے مطابق دو سالوں سے ٹور کر رہے ہیں لیکن صحت بھی بہت اہم ہے۔ 38 سالہ ذاکر خان نے یہ اعلان بھارتی شہر حیدر آباد میں ہونے والے اپنے پاپا یار ٹور کے دوران ایک لائیو شو میں کیا جس کے فوری بعد انکا یہ اعلان سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ انکا کہنا تھا کہ یہ وقفہ ممکنہ طور پر 2030 تک جاری رہ سکتا ہے۔ حیدر آباد میں ذاکر خان کے تازہ ترین شو کی ایک ویڈیو آن لائن سامنے آئی، جس میں انہوں نے اپنے وقفے کے بارے میں گفتگو کی۔ کھچا کھچ بھرے ہوئے آڈیٹوریم میں خطاب کے دوران ذاکر نے وضاحت کی کہ یہ وقفہ کئی برس تک جاری رہ سکتا ہے، ممکن ہے 2028، 2029 یا پھر 2030 تک، جب وہ اپنی موجودہ ذمہ داریاں مکمل کرلیں گے۔ ذاکر خان نے مزید کہا کہ آج یہاں موجود ہر شخص میرے دل کے بہت قریب ہے۔ انھوں نے انتہائی جذباتی انداز میں کہا کہ آپ سب کی موجودگی میرے لیے اتنی اہم ہے جس کا آپ تصور بھی نہیں کر سکتے اور میں ہمیشہ آپ سب کا شکر گزار رہوں گا، آپ سب کا بہت شکریہ۔

سلمان خان کی فلم سکندر کا اسکرپٹ تبدیل کیا گیا: رشمیکا مندانا کا انکشاف

ابتدائی ملاقاتوں میں ہدایتکارا آر مرگداس نے جو کہانی سنائی تھی وہ حتمی فلم سے کافی مختلف تھی

ممبئی (یو این پی) معروف بھارتی اداکارہ رشمیکا مندانا نے اداکار سلمان خان کے ساتھ اپنی فلم سکندر سے متعلق ایک اہم انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ رشمیکا مندانا نے اپنے حالیہ انٹرویو میں کہا ہے کہ جب میں نے فلم سکندر کے لیے حامی بھری تھی تو اس وقت اس کا اسکرپٹ کچھ اور تھا، بعد میں فلم کی کہانی میں خاصی تبدیلیاں کی گئیں۔ تیلگو صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے رشمیکا نے بتایا کہ ابتدائی ملاقاتوں میں ہدایتکارا ے آر مرگداس نے جو کہانی سنائی تھی وہ حتمی فلم سے کافی مختلف تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب میں نے اسکرپٹ سنا تھا تو وہ کچھ اور تھا لیکن بعد میں حالات بدل گئے۔ فلموں میں اس طرح کی تبدیلیاں عام ہوتی ہیں، خاص طور پر بڑی کمرشل فلموں میں جہاں اداکاری، ایڈیٹنگ اور ریلیز ٹائمنگ جیسے عوامل کہانی کو متاثر کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ فلم سکندر میں رشمیکا نے سلمان خان کی اہلیہ کا کردار ادا کیا تھا۔

سپورٹس

SPORTS

رونالڈو کا کھیلوں کی دنیا سے نکل کر فلمی دنیا میں قدم رکھنے کا امکان

لزبن (یو این پی) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی اسٹارٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو کھیلوں کی دنیا سے نکل کر فلمی دنیا میں قدم رکھنے کی خواہش ظاہر کر دی غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق رونالڈو جلد ہی 1 ہزار گولز کا ہدف حاصل کرنے کے قریب ہیں، یہ سنگ میل عبور کر کے وہ فٹبال کی تاریخ میں واحد فٹبالر بن جائیں گے جس کے پاس یہ اعزاز ہوگا۔ 40 سالہ رونالڈو نے سعودی کلب کے ساتھ اپنے معاہدے میں توسیع کر لی ہے، جس کے تحت وہ 2027 تک فٹبال کھیلتے رہیں گے۔ ورلڈ کپ جیتنے والے سابق آرسنل اسٹار ایرنگل ہیلی نے اپنے ایک انٹرویو میں تصدیق کی کہ ممکنہ طور پر رونالڈو بڑی اسکرین پر جلوہ گر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرسٹیانو رونالڈو ایک بڑے فلمی اسٹار بن سکتے ہیں۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ ہم فلموں میں مزید کھلاڑی کیوں نہیں دیکھتے۔ ہم ریپرز، اینٹرٹینرز اور کئی معروف شخصیات کو فلموں میں کام کرتا دیکھتے ہیں، مگر کھیلوں سے وابستہ شخصیات کم ہی نظر آتی ہیں، کیوں؟ انہوں نے کہا کہ میں رونالڈو کے لیے خوش ہوں، میرے خیال میں ان میں لوگوں کو متاثر کرنے کی صلاحیت اور ایک خاص چارم موجود ہے، رونالڈو سوشل نیٹ ورکس پر بھی سب سے زیادہ مشہور شخصیت ہیں، تصور کریں اگر وہ ہالی ووڈ کے بڑے ستاروں کے درمیان ہوں۔

سٹیون سمتھ اور مچل مارش یورپ میں قائم ٹی ٹوئنٹی لیگ میں شرکت کریں گے

آئی سی سی کی جانب سے منظور شدہ پہلی لیگ ہوگی جو بیک وقت متعدد ممالک میں منعقد ہوگی

لندن (یو این پی) آسٹریلوی کرکٹ سٹار سٹیون سمتھ اور مچل مارش ایک نئی یورپ میں قائم ٹی ٹوئنٹی لیگ میں شرکت کریں گے جس کی منتظر کیلئے بالی ووڈ اداکار ابھیشیک بچن کے پاس ہے۔ اس یورپی ٹی ٹوئنٹی پریمئیر لیگ (ای ٹی پی ایل) میں آسٹریلوی کرکٹ کے لیجنڈ سٹیو واہ اور آل راؤنڈر گلین میکسویل بھی فرنچائز مالکان میں شامل ہیں۔ ای ایس پی این کے مطابق سٹیو واہ اور گلین میکسویل اس لیگ کی ٹیموں کے مالکان ہوں گے، یہ لیگ آئرلینڈ، سکاٹ لینڈ اور نیدرلینڈز میں کھیلی جائے گی۔ سابق نیوزی لینڈ فاسٹ بولر کائل مل اور ناتھن میک کولم ایک اور فرنچائز کے مالک ہیں جبکہ لیگ کی تین ٹیمیں تا حال فروخت ہونا باقی ہیں۔ اب تک فروخت ہونے والی ٹیمیں ایمسٹرڈیم، بطافاست اور ایڈینبرا میں قائم ہوں گی جبکہ باقی تین ٹیمیں ڈبلن، روٹرڈیم اور گلاسگو میں بنائی جائیں گی۔ سٹیو واہ جو گزشتہ 20 برس میں پہلی بار کسی بڑے کرکٹ منصوبے میں شامل ہوئے ہیں، ایمسٹرڈیم فلیمز نامی فرنچائز کے سرمایہ کار گروپ کا حصہ ہیں، جس میں آسٹریلیا کے سابق باکی اوکمان جیسی ڈوائرز بھی شامل ہیں۔ گلین میکسویل آئرش ولوز کے شریک مالک ہوں گے جبکہ ایڈینبرا کی ٹیم ناتھن میک کولم اور کائل مل کی ملکیت ہے۔ یہ لیگ ایک طویل عرصے سے زیر غور تھی، کیونکہ یورپ اسلام ٹی ٹوئنٹی 2019 میں شروع ہونا تھی لیکن عملی شکل اختیار نہ کر سکی۔

پی ایس ایل 11، لوکل کھلاڑیوں کی ممکنہ نئی کیٹگریز کی فہرست سامنے آگئی

لاہور (یو این پی) پاکستان سپر لیگ 11 کی پلیئرز آکشن سے قبل لوکل کھلاڑیوں کی ممکنہ نئی کیٹگریز کی فہرست سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد یونائیٹڈ کے شداب خان، شاہد وسیم اور خیم شاہ نئی کیٹگریز میں چاہ پلیئرز میں برقرار رکھا گیا ہے۔ صاحبزادہ فرحان گولڈ جبکہ سلمان علی آغا اور محمد نواز ڈائمنڈ سے پلاٹینم میں آگئے ہیں۔ وکٹ کیپر بیٹر اعظم خان ڈائمنڈ سے گولڈ میں آگئے ہیں۔ کراچی کنگز کے حسن علی ڈائمنڈ سے پلاٹینم میں آگئے عباس آفریدی پلاٹینم سے ڈائمنڈ میں چلے گئے ہیں۔ خوشدل شاہ اور عامر جمال ڈائمنڈ سے گولڈ اور عرفات منہاس گولڈ سے سلور میں چلے گئے ہیں جبکہ شان مسعود ڈائمنڈ میں برقرار رکھا گیا ہے۔

حجرہ شاہ مقیم، نیشنل کرائے چیمپئن شپ میں دی ماسٹرز کی تاریخی فتح

حجرہ شاہ مقیم (یو این پی) 33 ویں نیشنل تن شن کان شوٹو کان کرائے چیمپئن شپ اور جاوید نور چیمپئن ٹرافی میں دی ماسٹرز کرائے نیشنل ہیروز نے تاریخی فتح حاصل کر لی۔ دی ماسٹرز کی ٹیم نے پنجاب وائٹ کی نمائندگی کرتے ہوئے میڈلز کی دوڑ میں تاریخ رقم کرتے ہوئے 6 گولڈ، 8 سلور اور 5 براونز میڈلز اوکاڑہ کے نام کیے۔ تاریخی فتح پر دی ماسٹرز کرائے نیشنل ہیروز کے اعزاز میں سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

دوحہ، شوٹ گن چیمپئن شپ، کرنل فرخ ندیم نے نیا ورلڈ ریکارڈ بنا دیا

دوحہ (یو این پی) دوحہ میں جاری انٹرنیشن شوٹ گن چیمپئن شپ کے ٹریپ ایونٹ میں پاکستان کے کرنل فرخ ندیم نے گولڈ میڈل جیت کر نیا ورلڈ ریکارڈ بھی بنا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان نے پہلی مرتبہ انٹرنیشن شاٹ گن میں گولڈ میڈل جیتا ہے۔ پاکستانی شوٹر کرنل فرخ ندیم نیا انٹرنیشن شوٹ گن میں گولڈ میڈل اپنے نام کیا انہوں نے شوٹ گن کے انفرادی ٹریپ مقابلوں میں سونے کا تمغہ جیتتے ہوئے ورلڈ ریکارڈ بھی بنا دیا۔

سری لنکا اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان 3 ون ڈے کرکٹ میچوں کی سیریز کا آغاز (آج) پہلے میچ سے ہوگا

کولمبو (یو این پی) سری لنکا اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان 3 ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ (آج) جمعرات کو آر پریما داسا سٹیڈیم، کولمبو کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انگلینڈ کی ٹیم ان دنوں سری لنکا کے دورہ پر ہے اور وہ اپنے دورہ سری لنکا کے دوران میزبان ٹیم کے خلاف تین ون ڈے اور تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 22 جنوری کو آر پریما داسا سٹیڈیم، کولمبو میں کھیلا جائے گا۔ دوسرا ون ڈے میچ 24 جنوری کو کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ون ڈے میچ 27 جنوری کو کھیلا جائے گا۔ ہیری بروک انگلینڈ کی ٹیم کو لیڈ کریں گے۔ ون ڈے سیریز کے تینوں میچز آر پریما داسا سٹیڈیم، کولمبو کے مقام پر ہی کھیلے جائیں گے۔ ون ڈے سیریز مکمل ہونے کے بعد تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا آغاز 30 جنوری کو پہلے میچ سے ہوگا۔ دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ یکم فروری کو کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ 3 فروری کو کھیلا جائے گا۔ ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے تینوں میچز پالے کیلی میں کھیلے جائیں گے۔

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، پی سی بی نے آئی سی سی کو بنگلا دیش کے معاملے پر خط لکھ دیا، بنگلہ دیش کی موقف کی حمایت

لاہور (یو این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے بھارت میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے میچز نہ کھیلنے کے بنگلا دیش کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی سی بی نے خط آئی سی سی کے بورڈ ممبرز کو بھی ارسال کر دیا، آئی سی سی نے معاملے پر بورڈ میٹنگ طلب کر لی۔ بورڈ میٹنگ میں بنگلا دیش کے بھارت نہ جانے کے معاملے پر بات ہوگی۔ آئی سی سی کے بنگلا دیش کے میچز کا متبادل تبدیل کرنے کا امکان نہیں جبکہ پی سی بی نے بنگلا دیش کے میچز پاکستان میں کروانے کی تجویز بھی دی ہے۔ واضح رہے کہ بنگلا دیش نے ورلڈ کپ میں سکیورٹی خدشات کے باعث بھارت نہ جانے کا فیصلہ کیا۔ آئی سی سی کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں بھی بنگلا دیش بدستور اپنے موقف پر قائم ہے۔

بیلنڈ ایونسک کے ہاتھوں ویمنز سنگلز ابتدائی راؤنڈ میں یکطرفہ شکست کے بعد کیٹی بولٹر آسٹریلین اوپن سے باہر

میلبورن (یو این پی) انگلینڈ کی ٹینس کھلاڑی کیٹی بولٹر آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے پہلے ہی راؤنڈ میں سوئٹزرلینڈ کی ٹاپ سیڈ ویلنٹینا ایفنک کے ہاتھوں سٹریٹ سیٹس میں شکست کے بعد میگا ایونٹ سے باہر ہو گئی ہیں۔ عالمی میڈیا کے مطابق غیر مستقل کارکردگی کے باعث عالمی رینکنگ میں 113 ویں نمبر پر موجود کیٹی بولٹر کو آخری لمحات میں مین ڈرا میں شامل کیا گیا تھا۔

روس اور یوکرین کی جنگ میں 1 کروڑ 20 لاکھ افراد بے گھر ہوگئے

لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے ایلیٹ ٹریننگ سنٹر میں کھیلتا پنجاب پنک گیمرز کے لئے ووشو کی خواتین کھلاڑیوں کے ٹرائلز لیے جا رہے ہیں

کامرس

FBR TAX

پنجاب ریونیو اتھارٹی کی ریکارڈ کارکردگی، ٹیکس وصولیوں میں 33 فیصد اضافہ

لاہور (یو این پی) پنجاب ریونیو اتھارٹی کی حالیہ کارکردگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت مالی نظم و ضبط، شفافیت اور ٹیکس اصلاحات کی درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، مالی سال 2025-26 کی پہلی ششماہی میں 33 فیصد اضافے کے ساتھ 149.5 ارب روپے کی وصولیاں پی آر اے کی بڑی کامیابی ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے گزشتہ روز پنجاب ریونیو اتھارٹی کے دورہ کے موقع پر کیا جہاں انہیں چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی منعم اقبال سپرا نے رواں مالی سال میں پی آر اے کی مجموعی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ چیئرمین پی آر اے نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ اگر پی آر اے اگر اسی رفتار اور حکمت عملی سے آگے بڑھتا رہا تو مالی سال کے اختتام تک نہ صرف اپنا مقررہ ہدف حاصل کرنے میں کامیاب رہے گا بلکہ ٹیکس وصولیوں میں نئے ریکارڈ بھی قائم کرے گا۔ چیئرمین پی آر اے نے صوبائی وزیر کو مختلف سروس سیکٹرز میں ریونیو میں مدد کے لیے جاری اقدامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی، جن میں ہیلتھ، انشورنس، ریسٹورنٹس، ہوٹلز، پراپرٹی ڈویلپمنٹ، کنسٹرکشن، فرنچائز سرمز، فوڈ ڈلیوری پلیٹ فارمز، اسٹاک بروکریج اور ٹرانسپورٹیشن جیسے شعبے شامل ہیں۔

ٹیکسز کی تعداد، شرح کو کم کیا جائے ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (یو این پی) ریونیو ایڈوائزر ز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے کہا ہے کہ ٹیکس پالیسی کی تشکیل کو باقاعدہ طور پر ٹیکس انتظامیہ سے الگ کر کے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے وزارت خزانہ میں منتقل کرنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے، سپر ٹیکس کا معاملہ کوئی الگ تھلگ تنازعہ نہیں ہے بلکہ یہ مالیاتی نظام کے اندر ایک دہرائے جانے والے رجحان کی عکاسی کرتا ہے جس میں ٹیکسیشن کو معاشی ڈھانچے کے بجائے محض ریونیو نچوڑنے کا ایک ٹول سمجھا جاتا ہے۔ ٹیکس پریکٹیشنرز کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹیکس کا تہہ در تہہ نظام ہے جس کی وجہ سے لوگ ٹیکس نیٹ میں آنے سے گھبراتے ہیں، حکومت کو ٹیکسز کی تعداد اور شرح کو کم کرنا چاہیے تاکہ ٹیکس نیٹ فروغ پا سکے۔ تجویز ہے کہ پالیسی کو نفاذ کی آسانی کے بجائے معاشی ہم آہنگی کے اصولوں پر مرتب کیا جائے، جب تک مستقل طرز عمل کے ذریعے پالیسی کی ساکھ بحال نہیں ہوتی، تب تک مشاورت محض ایک تسلی دینے کی مشق رہے گی نہ کہ اس سے حقیقی اصلاح ہو سکے گی۔

ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں 6 ماہ کے دوران 20 فیصد اضافہ

کوآنہ (یو این پی) ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 20 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے چھ ماہ میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات سے ملک کو 2.236 ارب ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 20 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات سے ملک کو 1.866 ارب ڈالرز زرمبادلہ حاصل ہوا تھا۔

لاہور: ایک شخص گھر کا چولہا جلانے کے لیے سائیکل پر لکڑیاں لے جا رہا ہے۔

زرعی بحران سنگین، کسان کو مزید مجبور نہ کیا جائے: احسن رضوی

لاہور (یو این پی) پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات احسن رضوی نے ملکی زراعت کو درپیش چیلنجز پر حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کسانوں کو مزید مجبور نہ کرے، آج فصلوں کے مناسب دام نہ ملنے سے کسانوں کی محنت ضائع ہو رہی ہے، پنجاب میں آلو لگانے والا کسان اس وقت تاریخ کے سب سے بڑے زرعی نقصان کا سامنا کر رہا ہے، پہلے ہی کسان کو گندم، چاول، گنا، کپاس، پیاز کے ریٹ لاگت سے بھی کئی گنا کم ملے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ آج آلو، کینو، پیاز اگانے والے کسان دھکے کھا رہے ہیں، مہنگی کھاد، بیج، بجلی، ڈیزل اور زرعی ادویات نے کسان کی کمر توڑ دی ہے، احسن رضوی نے مزید کہا کہ برآمدات میں رکاوٹیں، واضح تجارتی پالیسی کی کمی اور بروقت فیصلوں کا نقصان کسانوں کے مسائل میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔

اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کے بغیر پالیسیوں کے مثبت نتائج نہیں نکل سکتے' پیاف

لاہور (یو این پی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرٹ (پیاف) کے چیئرمین انجینئر میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود فرخ وسیم، وائس چیئرمین عدنان مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ پیداواری لاگت بشمول ڈسکاؤنٹ ریٹ، بجلی و گیس کے نرخ، ٹیکس اور ریفنڈز کی ادائیگی میں غیر معمولی تاخیر جیسے مسائل پاکستانی برآمد کنندگان کو عالمی مارکیٹوں میں علاقائی حریف ممالک سے مقابلے کی دوڑ سے باہر کر رہے ہیں، ملک میں رائج موجودہ میکرو اکنامک پالیسیاں 150 سے زائد ٹیکسٹائل یونٹس کی بندش اور طویل عرصے سے پاکستان میں موجود ملٹی نیشنل کمپنیوں کے انخلا کی ذمہ دار ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں پیاف کے عہدیداروں نے کہا کہ مسائل کے حل اور نئی راہیں تلاش کرنے کے لئے اصلاحات ناگزیر ہیں لیکن پالیسی ساز جس سمت عملی کے تحت چل رہے ہیں اس کے نتائج سامنے نہیں آ رہے جس کی بنیادی وجہ اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت کے بغیر پالیسیوں کی تشکیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک رپورٹ کے مطابق مالی سال 2024-25 جولائی تا جون کے دوران براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 2,489.7 ملین ڈالر رہی جبکہ روایتی حریف ملک نے 81 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل کی۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 17 ہزار کیوسک اور اخراج 17 ہزار کیوسک، کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 9 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 9 ہزار 500 کیوسک، خیرآباد پل پر آمد 15 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 15 ہزار 300 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 3 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 100 کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 6 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 6 ہزار 900 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ بیراج: جناح میں آمد 21 ہزار کیوسک اور اخراج 21 ہزار کیوسک، چشمہ میں آمد 18 ہزار کیوسک اور اخراج 18 ہزار کیوسک، تونسہ میں آمد 19 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 19 ہزار 900 کیوسک، گدو میں آمد 26 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 14 ہزار 500 کیوسک، سکھر میں آمد 6 ہزار کیوسک اور اخراج 6 ہزار کیوسک، کوٹری میں آمد 3 ہزار کیوسک اور اخراج ایک ہزار کیوسک، تربیلا میں آمد 5 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 5 ہزار 800 کیوسک، چشمہ میں آمد 9 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 9 ہزار 700 کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ آبی ذخائر: تربیلا میں ریزرڈ ائر کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1402 فٹ، ریزرڈ ائر میں پانی کی موجودہ سطح 1492.00 فٹ، ریزرڈ ائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 2.747 ملین ایکڑ فٹ۔

لاہور: مزدور روزگار کمانے کے لئے گاہکوں کے انتظار میں اڈے پر بیٹھے ہوئے ہیں

نتیجہ نمبر 1 سلوک

ہیں لیکن ملک میں پانی پیدا تو نہیں کر سکتی یہ ایک ریسورس ہے۔ پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ گل پلازہ ساتھ بہت پیچیدہ معاملہ ہے اور سندھ حکومت اس کی جوابدہ بھی ہے، ہم اپنا دفاع کر رہے ہیں لیکن ہم نے مالی نقصان کا ازالہ کرنے کیلئے 1:1 کروڑ روپے کا اعلان کر دیا ہے جب کہ حفیظ پلازہ میں آگ لگی اور کسی نے انکوائری تک نہیں کی، کے فور وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت کا جوائنٹ پروجیکٹ تھا لیکن وفاقی سندھ کے پیچھے نہیں بڑھا رہا۔ گزشتہ روز گل پلازہ میں آگ لگنے کے واقعے پر قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے شہلا رضا کا کہنا تھا کہ نیوزی لینڈ میں آگ لگی تو 40 افراد جاں حق ہو گئے تھے، لاہور میں حفیظ سینٹر میں تین مرتبہ آگ لگی لیکن اس پر کوئی سیاست نہ کی گئی، یہ آگ سے ہو جاتا ہے لیکن یہ عجیب ہے ایک واقعے کو بنیاد بنا کر آپ صوبوں تک 18 ویں ترمیم اور بنیادی تقسیم تک چلے گئے، سندھ ایک ملک تھا جسے قبل از وقت دیکھا جانا چاہیے۔

نتیجہ نمبر 2 سلوک

بڑھتا ہوا اعتماد نظر آ رہا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں اے ڈی پی کی مضبوط اور بڑھتی ہوئی شمولیت کو سراہا اور ملکی معیشت کی سمت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ سیکرٹری محمد اورنگزیب نے اے ڈی پی کے صدر کا مسلسل تعاون اور رہنمائی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعلقات اب ایک نئے اور زیادہ اسٹریٹجک مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال سے پاکستان میں مجموعی معاشی استحکام کی جانب نمایاں پیش رفت ہوئی ہے جس کا سلسلہ جاری ہے، وزیر خزانہ نے مہنگائی میں کمی، شرح سود میں نرمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے جیسے مثبت اشاریوں کا تذکرہ کیا اور بینک کے صدر کو ملک میں جاری وسیع تر اصلاحات میں پیش رفت سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بجلی اور گیس شعبے کی ٹیموں کے مزید مضبوط زیر غور ہیں۔ وزیر خزانہ نے ترقیاتی شراکت داروں خصوصاً اے ڈی پی کے ساتھ قریبی تعاون اور پاکستان کی معاشی صلاحیت کو بروئے کار لانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ملاقات کے دوران توانائی کے شعبے میں اصلاحات، جدید کاری اور صاف و پائیدار توانائی کے فروغ پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ توانائی کے نظام میں بہتری، کارکردگی میں اضافہ اور طویل المدتی معاشی استحکام کے لیے اصلاحاتی اقدامات جاری ہیں۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ان شعبوں میں عملی اور قابل عمل حل کے لیے قریبی رابطہ رکھا جائے گا۔ اے ڈی پی کے صدر نے پاکستان کے لیے بینک کے تعاون کے عزم کا اعادہ کیا اور نجی شعبے کے کردار کو معاشی ترقی کے لیے اہم قرار دیا۔ قبل ازیں وزیر خزانہ نے معزز یس ایوی ایشن کے چیئرمین حسن البھری سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں ایوی ایشن کے شعبے میں تعاون کے فروغ، ہوائی اڈوں کی خدمات میں بہتری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے معزز یس ایوی ایشن کے چیئرمین کو حکومتی جاری منصوبوں، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز میں پیش رفت اور اسلام آباد، کراچی اور لاہور کے ہوائی اڈوں

خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر میں بارش اور برفباری سے فلیش فلڈ کا خطرہ

اسلام آباد (یو این پی) ملک کے بالائی علاقوں کو 24 جنوری تک ایک طاقتور مغربی لہر متاثر کرے گی جس کے سبب دریاؤں کا بہاؤ سے منسلک ندی نالوں میں بہاؤ بڑھ سکتا ہے۔ این ڈی ایم اے کے الرٹ کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں سوات، چترال، بٹیر، شانگلہ، لوئر اور اپر دیر، مالاکنڈ، باجوڑ، مردان، صوابی، ایبٹ آباد، مانسہرہ، بٹگرام، تورغر، ہری پور، کوہاٹی پاس کوہستان اور آزاد کشمیر میں موسلا دھار بارش اور برفباری سے فلیش فلڈ کا خطرہ ہے۔ این ڈی ایم اے نے کے پی اور ضلعی انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے اور حساس مقامات کی نگرانی کی ہدایت کی ہے۔ گزشتہ روز خیبر پختونخوا کے چترال، کالام، مالم جبہ، بٹن کوہستان اور دیر میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری ریکارڈ ہوئی۔ بارش و برفباری سے کالام، مالم جبہ اور پارچنار میں درجہ حرارت منفی 4 ریکارڈ کیا گیا۔ دیر بالا کا درجہ حرارت صفر، چترال کا 1 اور پشاور میں 5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، گزشتہ روز کالام میں سب سے زیادہ برفباری ہوئی۔ چترال کالاش ویلیز، لواری ٹنل، مڈک لشٹ، گرم چشمہ سمیت لوئر چترال کے کئی مقامات میں برفباری ہوئی۔ لواری ٹنل کے علاقے میں پانچ انچ برف ریکارڈ ہوئی۔ چترال کالاش ویلی بمبوریت میں 3 انچ، مڈک لشٹ میں چار انچ اور بگوشت میں پانچ انچ برف پڑی۔

اس کا جھوٹ بک گیا ہمیں سچ پیش کرنا نہیں آیا' خواجہ سعد رفیق

لاہور (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ اس کا جھوٹ بک گیا لیکن ہمیں سچ پیش کرنا نہیں آیا مسلم لیگ (ن) کی صوبائی حکومت جتنا کام کر رہی ہے باقی تینوں صوبوں میں ایسا کام نظر نہیں آتا۔ پبلک سیکرٹریٹ میں یونین کے زیر اہتمام سیاسی و سماجی کارکنان کی ترقیاتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں نے جتنا کام کر دیا ہے اس کی پاکستان کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی، ماضی دھماکوں سے بڑا کام کیا ہوگا، انفراسٹرا کچر کو دیکھ لیں، لیکن جس نے کچھ نہیں کیا تھا وہ جیت گیا اور ہم ہار گئے، اس کا جھوٹ بک گیا اور ہمیں سچ پیش کرنا نہیں آیا، لوگوں نے جھوٹ خرید لیا اور ہمیں سچ مارکیٹ کرنا ہی نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ ابھی بھی اپنی پارٹی کے لیڈروں کو کہتے ہیں کہ یہ طریق کار ناکافی ہے، کام تو مسلم لیگ (ن) کی حکومت بہت اچھا کرتی ہے، پنجاب حکومت جیسا کام باقی تینوں صوبوں میں کہیں نہیں ہو رہا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

وفاقی آئینی عدالت نے بھارت اور اسرائیل سے درآمدات پر پابندی کیس میں فیصلہ محفوظ کر لیا

لاہور (یو این پی) وفاقی آئینی عدالت نے بھارت اور اسرائیل سے درآمدات پر پابندی کیس میں فیصلہ محفوظ کر لیا۔ وفاقی آئینی عدالت میں جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے بھارت اور اسرائیل سے درآمدات پر پابندی بارے کیس میں فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے درآمدی پابندی کو آئینی قرار دے دیا ہو کیونکہ وفاقی حکومت کو ہدایات جاری کی تھیں، لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کو وفاقی نے وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کیا، کیس کی سماعت کے دوران ریونیو ڈویژن کی طرف سے حافظ احسان کھوکھر نے بیان حلفی جمع کروا کر دلائل دیتے ہوئے کہا کہ درآمدی پابندی وفاقی حکومت نے آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے عائد کی، پالیسی برقرار رکھتے ہوئے ہدایات دینا عدالتی حدود سے تجاوز ہے۔ خارجہ، تجارتی اور قومی سلامتی پالیسی عدالتوں کا دائرہ اختیار نہیں، دشمن ممالک سے تجارت کے فیصلے خالصتاً حکومتی اختیار ہیں، عدالتیں پالیسی پر نظر ثانی یا از سر نو غور کی ہدایات نہیں دے سکتیں، ہائی کورٹ کی ہدایات آئینی اختیارات کی تقسیم کے منافی ہیں، ایسے احکامات برقرار رہے تو عدالتی مداخلت کا سیلاب آ جائے گا۔ وفاقی حکومت کی طرف سے دوران سماعت استدعا کی گئی کہ درآمدی پابندی برقرار رکھتے ہوئے ہائی کورٹ کی ہدایات کالعدم قرار دی جائیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے دلائل میں کہا ہائی کورٹ پالیسی معاملات میں داخل نہیں ہو سکتی، ہدایات کالعدم قرار دی جائیں۔ عدالت نے فریقین کو سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ واضح رہے وفاقی حکومت نے فارن پالیسی، نیشنل سیکورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے 2019 میں بھارت اور اسرائیل سے درآمدات پر پابندی عائد کی تھی۔

راولپنڈی، سنگین غفلت، 2 تھانوں نے حدود کا تنازع بنا کر بچی کے اغوا میں ملوث ملزمان کو چھوڑ دیا

راولپنڈی (یو این پی) 2 تھانوں نے حدود کا تنازع بنا کر بچی کے اغوا میں ملوث ملزمان کو چھوڑ دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تھانہ کینٹ اور تھانہ سول لائن کے ایس ایچ او اور محلے کی معینہ سنگین غفلت سامنے آنے پر سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے سخت نوٹس لے لیا ہے، واقعہ ایک بچی کے معینہ اغوا سے متعلق ہے جس میں ملوث ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائے بغیر حدود کے تنازع کو بنیاد بنا کر انہیں چھوڑ دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈولفن فورس کی ٹیم نے قاسم مارکیٹ کے قریب ایک مشکوک کار کو روک کر چیک کرنے کی کوشش کی تو ملزمان گاڑی سمیت فرار ہو گئے۔ ڈولفن فورس نے تعاقب کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کے بعد گاڑی کو روکا، جہاں 2 نوجوان لڑکے ایک ماسک فروخت کرنے والی بچی کے ساتھ گاڑی میں پائے گئے، بچی کے حوالے سے خاطر خواہ جواب نہ ملنے پر ڈولفن ٹیم نے بچی اور دونوں ملزمان کو تھانہ کینٹ پولیس کے حوالے کر دیا۔ تھانہ کینٹ پولیس نے بچی سے پوچھ گچھ کی تو اس نے بتایا کہ وہ میڈیا اسٹیشن کے پاس گھوم پھر کر ماسک اور دیگر اشیاء فروخت کرتی ہے۔ تھانہ کینٹ کے ڈیوٹی آفیسر نے حدود کو تھانہ سول لائن کی قرار دیتے ہوئے معاملہ اور ملزمان تھانہ سول لائن منتقل کر دیے۔ تھانہ سول لائن پولیس نے بچی کا بیان لیا جس میں اس نے بتایا کہ ملزمان نے کہا تھا کہ وہ غازی آباد کے رہنے والے ہیں اور اسے بھی اتاریں گے، جس پر وہ ان کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئی۔ تھانہ سول لائن کے ڈیوٹی آفیسر نے تمام معاملے کی تصدیق کیے بغیر محض بچی کے بیان پر ملزمان کو چھوڑ دیا اور کوئی قانونی کارروائی عمل میں نہیں لائی۔ ہوائی فائرنگ اور بچی سے متعلق معاملہ سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی کے نوٹس میں آیا تو انہوں نے ڈی ایس پی سول لائن اصغر گورایہ کو انکوائری کا حکم دیا۔

حکومتی اقدامات سے بلوچستان میں ریلوے سفر محفوظ، جعفر ایکسپریس میں جدید سیکیورٹی انتظامات مکمل

کوئٹہ (یو این پی) حکومتی کاوشوں کے نتیجے میں بلوچستان میں ریلوے سفر کو محفوظ اور پر اعتماد بنا دیا گیا ہے، جعفر ایکسپریس میں جدید سیکیورٹی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جس سے بلوچستان کے عوام کا ریلوے سفر پر اعتماد بحال ہونے لگا۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کوئٹہ میں جعفر ایکسپریس کی سیکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے جدید ٹیکنالوجی سے لیس بی کے سی یو کی موثر اور اہم اقدام قرار دیا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے جعفر ایکسپریس میں فول پروف سیکیورٹی انتظامات پر پاک فوج اور ایف سی بلوچستان نارتھ کی پیشہ ورانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی موثر حکمت عملی کے باعث بلوچستان میں ریلوے سفر کو محفوظ بنایا گیا ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ جعفر ایکسپریس کو بلوچستان کے مسافروں کے لیے محفوظ، پر اعتماد اور تسلی بخش بنایا گیا ہے۔ انہوں نے مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کو حکومت اور پاک فوج کی اولین ترجیح قرار دیا۔ وفاقی وزیر ریلوے کے مطابق ریلوے ٹریکس کی 24 گھنٹے نگرانی، جدید کیمروں کی تنصیب اور ٹرین میں مناسب تعداد میں سیکیورٹی اسٹاف کی تعیناتی بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ ان اقدامات کی بدولت بلوچستان کے عوام کا ریلوے کے سفر پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ حکام کے مطابق پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کی موثر سیکیورٹی کے باعث بلوچستان میں سفری سہولیات کو فروغ مل رہا ہے جبکہ حکومت اور سیکیورٹی ادارے صوبے میں پائیدار امن کے لیے مشترکہ اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

این ڈی ایم اے پاکستان کی جانب سے اقتصادی تعاون تنظیم کے دسویں وزارتی اجلاس کی اسلام آباد میں میزبانی

اسلام آباد (یو این پی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) حکومتِ پاکستان کی جانب سے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے 10ویں وزارتی اجلاس کی میزبانی کر رہی ہے۔ آفات سے نمٹنے اور آفات کے خطرات کے تدارک (ڈیزاسٹر رسک ریڈکشن ڈی آر آر) کے حوالے سے ای سی او کا دو روزہ اجلاس 22 جنوری 2026 تک این ڈی ایم اے ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں جاری رہے گا۔ دو روزہ سرگرمیوں کا آغاز بدھ کے روز آفات سے نمٹنے سے متعلق اعلیٰ سطحی ورکنگ گروپ میٹنگ سے ہوا۔ اجلاس میں اعلیٰ سطحی علاقائی فورم ای سی کے رکن ممالک کے وزراء اور سینئر حکام کے ساتھ ساتھ ای سی او سیکرٹریٹ، علاقائی و بین الاقوامی متعلقہ اداروں کے نمائندگان شرکت کر رہے ہیں۔ اجلاس کا مقصد ای سی او کن ممالک میں آفات اور موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے نمٹنے کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے اجتماعی کوششوں کو فروغ دینا ہے۔ اختتامی اجلاس میں میزبان ملک پاکستان کی جانب سے خطے میں آفات سے نمٹنے اور موسمیاتی استحکام کے لیے علاقائی تعاون کو فروغ دینے اور مشترکہ اقدامات کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ای سی او کے قواعد و ضوابط کے مطابق، میزبان ملک کے نمائندہ ادارہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کو اجلاس کی صدارت سونپی گئی اور بعد ازاں ای سی او کے ایجنڈے کی باضابطہ منظوری بھی دی گئی۔ اجلاس میں ای سی او کن ممالک کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان، ترکیہ، آذربائیجان، ایران، کرغزستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان کے وفود شرکت کر رہے ہیں، جبکہ علاقائی و بین الاقوامی تنظیموں اور ترقیاتی شراکت داروں کے نمائندگان بھی اجلاس میں موجود ہیں۔ اجلاس کے دوران علاقائی ہم آہنگی کے ساتھ ساتھ رکن ممالک کے اقدامات کو آفات سے نمٹنے کے لائحہ عمل سے ہم آہنگ کرنے اور ای سی او کن ممالک کو متاثر کرنے والے موسمیاتی خطرات کے تدارک کے حوالے سے مباحثوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔ چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے اس موقع پر کن ممالک کی بھرپور شرکت کو سراہتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ بین الاقوامی نظام، خطرات کی قبل از وقت تشخیص اور منصوبہ بندی، معلومات کا تبادلہ اور کمیونٹی کی سطح پر تیاری مستحکم نظام کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے اپنے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) کو آفات سے نمٹنے کے علاقائی ہم آہنگی، مشترکہ ترجیحی منصوبوں، عملی مشقوں اور بروقت آگاہی کے حوالے سے معاونت فراہم کرنے کے ایک علاقائی مرکز کے طور پر پیش کیا ہے۔

تبدیلی کے صوبے میں گٹر کے ڈھکن لگنے کو بھی بڑی کامیابی بنا کر پیش کیا جا رہا ہے' عظمیٰ بخاری

لاہور (یو این پی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا میں ترقی کے نام نہاد دعووں پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ تبدیلی کے صوبے میں گٹر کے ڈھکن لگنے کو بھی بڑی کامیابی بنا کر پیش کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں گٹر کے ڈھکن لگنے سے پہلے اور بعد کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے کہا کہ ارے واہ! تبدیلی کے صوبے میں اتنی بڑی ترقی ہو رہی ہے اور ہمیں پتا ہی نہیں چلا۔ انہوں نے کہا کہ حیرت انگیز طور پر گٹر کے ڈھکن کے پوسٹرز پر بھی سہیل آفریدی کی دو مختلف تصاویر شائع کی گئی ہیں، جیسے یہ کوئی تاریخی منصوبہ ہو۔ عظمیٰ بخاری نے طنزیہ انداز میں کہا کہ خوفناک ہوتی ہے کہ یہ لوگ کام نہیں کرتے، دیکھیے گٹر لگنے سے پہلے اور بعد کی تصاویر سجا جاری کر دی گئی ہیں۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب نے کہا کہ عوام اب محض تصویروں اور تشہیر سے بہلنے والے نہیں، انہیں حقیقی ترقی، بنیادی سہولیات اور عملی کارکردگی چاہیے، نہ کہ معمولی کاموں کو کارنامہ بنا کر پیش کیا جائے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں عوامی فلاح کے بڑے منصوبے عملی شکل میں نظر آ رہے ہیں، جبکہ دوسرے صوبوں میں معمولی کاموں پر بھی ڈھول پیٹا جا رہا ہے۔

عوام کو سستی گندم، آٹے کی فراہمی کیلئے 12 لاکھ میٹرک ٹن گندم پر 45 ارب کی سبسڈی فراہم کر جا رہی' امجد حفیظ

لاہور (یو این پی) ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب امجد حفیظ نے بتایا ہے کہ حکومتِ پنجاب نے صوبے بھر میں فکشن فلور ملز کو سبسڈائزڈ گندم کی یومیہ فراہمی نمایاں طور پر بڑھا کر 15 ہزار سے 20 ہزار میٹرک ٹن کر دی ہے، جس سے صوبے کی یومیہ مجموعی ضرورت کا 100 فیصد پورا کیا جا رہا ہے۔ امجد حفیظ نے کہا کہ اسی تسلسل میں پاکستان ایگریکلچرل اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن (پاسکو) کی جانب سے 3 لاکھ میٹرک ٹن گندم کی پہلی قسط پنجاب کو موصول ہو چکی ہے جبکہ مزید 4 لاکھ میٹرک ٹن گندم بھی صوبائی حکومت کے حوالے کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس گندم کو واضح حکمتِ عملی کے تحت مرحلہ وار اور منظم انداز میں مارکیٹ میں ریلیز کیا جا رہا ہے تاکہ سپلائی چین میں کسی قسم کا خلل پیدا نہ ہو۔ حکومت کسان پروفیسر اور فیصلہ کن اقدامات کے نتیجے میں گندم اور آٹے کی بلا خلل فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، مارکیٹ میں قیمتوں پر دباؤ نمایاں طور پر کم ہو رہا ہے اور آنے والے دنوں میں گندم و آٹے کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی کی توقع ہے، جس کا براہ راست فائدہ عوام کو پہنچے گا۔

رکن صوبائی اسمبلی ملک احمد سعید خاں کا دولے والا، قصور میں زیر تعمیر جدید سبزی و پھل منڈی کا دورہ

قصور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر رکن صوبائی اسمبلی اور چیئرمین پامرہ ملک احمد سعید خاں نے دولے والا قصور میں زیر تعمیر جدید سبزی و پھل منڈی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا اور حفاظتِ افسران کو ہدایت کی کہ جدید سبزی و پھل منڈی کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی سستی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ منڈی میں صفائی ستھرائی کے موثر نظام کو یقینی بنایا جائے اور کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں کو فوری طور پر اٹھایا جائے تاکہ عوام اور تاجروں کو بہتر اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی محمد بلال بھٹی، انچارج سبزی منڈی صوفیہ حسین اور دیگر حفاظتِ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

لاہور ہائیکورٹ میں 60 ججز کی تمام منظور شدہ آسامیاں پُر کرنے کا عمل شروع

چیف جسٹس عالیہ نیلم نے فیصلہ کیا ہے کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ ہر صورت تمام 60 آسامیوں کو مکمل کیا جائے گا

اس وقت لاہور ہائیکورٹ میں چیف جسٹس سمیت 42 ججز فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ 18 آسامیاں خالی ہیں

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے عدالت عالیہ میں ججز کی تمام منظور شدہ 60 آسامیوں کو پُر کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے خالی 18 آسامیوں پر تقرری کے لیے باقاعدہ پراسیس شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی منظور شدہ آسامیوں کی تعداد 60 ہے تاہم یہ تعداد ماضی میں کبھی مکمل نہیں ہو سکی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے فیصلہ کیا ہے کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ ہر صورت تمام 60 آسامیوں کو مکمل کیا جائے گا تاکہ زیر التوا مقدمات کو بروقت نمٹایا جا سکے۔ اس وقت لاہور ہائیکورٹ میں چیف جسٹس سمیت 42 ججز فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ 18 آسامیاں خالی ہیں، ججز کی کمی کے باعث کیسز میں اضافہ ہو رہا ہے اور موجود ججز پر کام کا دباؤ بھی بڑھ چکا ہے، وکلاء تنظیمیں بھی طویل عرصے سے ججز کی خالی آسامیاں پُر کرنے کا مطالبہ کر رہی ہیں کیونکہ یہ صورتحال بروقت انصاف کی فراہمی میں بڑی رکاوٹ سمجھی جاتی ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے شفاف اور باقاعدہ طریقہ کار کا آغاز کر دیا ہے جس کے تحت نامور، قابل اور صاف کردار کے حامل وکلاء کے نام زیر غور ہیں۔ پہلے مرحلے میں وکلاء کا ریکارڈ منگوایا جا رہا ہے بعد ازاں شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں کے انٹرویوز ہوں گے، چیف جسٹس اور کمیشن کے دیگر ممبران منتخب نام چیئرمین جوڈیشل کمیشن کو ارسال کریں گے۔ ذرائع کے مطابق تقرری کا یہ عمل ایک سے دو ماہ میں مکمل ہونے کا امکان ہے۔

سردار ایاز صادق کی چین کی اعلیٰ سیاسی قیادت سے ملاقاتیں

بیجنگ (یو این پی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے چین کے چیئرمین برائے عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس (سی پی پی پی سی) وانگ ہونگ سے ملاقات کی جس میں پاک۔چین سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں دو طرفہ تعلقات سمیت اہم علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سی پی پی سی نے پاک۔چین سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر سپیکر سردار ایاز صادق کی جانب سے ون چائنا پالیسی اور صدر شی جن پنگ کے عالمی اقدامات کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں فریقین نے سی پیک، بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے پاکستان میں پاک۔چین مشترکہ مفادات، منصوبوں اور چینی شہریوں کے تحفظ کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔

وزیر اعظم سے ایم ڈی آئی ایم ایف اور فلسطینی وزیر اعظم کی ملاقات

ڈیوس (یو این پی) ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا نے پاکستان کی اصلاحاتی کوششوں کی تعریف کی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے ڈیوس میں عالمی اقتصادی فورم کے موقع پر ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا اور فلسطینی وزیر اعظم محمد مصطفیٰ کی ملاقات ہوئی جس میں ایم ڈی آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا نے پاکستان کی اصلاحاتی کوششوں کا اعتراف اور تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان طویل مدتی اقتصادی لچک کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات کی رفتار کو برقرار رکھے۔ ملاقات میں عالمی اقتصادی منظر نامہ، بحرانی ہوئی معیشتوں کو درپیش چیلنجز پر بھی غور کیا گیا، ملاقات میں اقتصادی استحکام کے تحفظ میں کثیر جہتی تعاون کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ بھی شریک ہوئے، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم سے فلسطینی وزیر اعظم محمد مصطفیٰ نے بھی ملاقات کی۔

شدید سردی میں تیراہ کے لوگوں کو بے گھر کیا جا رہا ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو اپنے علاقے کے عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، امیر جماعت اسلامی

پشاور (یو این پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ شدید سردی میں تیراہ کے لوگوں کو بے گھر کیا جا رہا ہے، حکومت مقررہ مدت میں آپریشن مکمل کرے، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو اپنے علاقے کے عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، پاکستان افغانستان جنگ سے کسی کو کچھ حاصل نہیں ہوگا، دونوں ممالک یہ ممکن بنائیں سرزمین ایک دوسرے کے لیے استعمال نہ ہو، پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تیراہ میں آپریشن کے باعث بے لوگ بے گھر ہو رہے ہیں، گزشتہ آپریشن میں متاثرین کو 4 لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا گیا تھا تاہم ابھی تک کچھ نہیں ملا، قبائلی علاقے ہمارے پرامن علاقے تھے جہاں اب حالات خراب ہیں، شدید ترین سردی میں لوگوں کو بے گھر کیا جا رہا ہے، جماعت اسلامی تیراہ متاثرین کے ساتھ ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو اپنے علاقے کے عوام کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، صوبائی حکومت کہتی ہے کہ آپریشن مرضی کے بغیر ہو رہا ہے، یہ بیان دے کر جان نہیں چھڑا سکتے۔

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کو سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں منشور وٹو کے تعزیتی ریفرنس میں شرکت کے موقع پر اعزازی شیلڈ سے نوازا جا رہا ہے

الیکٹرک بائیکس، رکشوں اور لوڈرز کے لیے خصوصی سبسڈی سکیم پر عملدرآمد شروع

لاہور (یو این پی) حکومت کی جانب سے الیکٹرک بائیکس، رکشوں اور لوڈرز کے لیے متعارف کرائی گئی خصوصی سکیم پر باقاعدہ عمل درآمد شروع کر دیا گیا۔ وزیر اعظم کی الیکٹرک وہیکل اڈاپشن اسکیم کے تحت پہلے مرحلے میں منظور شدہ درخواست گزاروں کو سبسڈی کی رقم منتقل کر دی گئی ہے۔ انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے مطابق رواں مالی سال کے دوران تقریباً 9 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی جبکہ حکومت سال 2030، تک 100 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ دستاویزات کے مطابق فیز ون میں 41 ہزار الیکٹرک گاڑیوں پر سبسڈی دی جا رہی ہے جن میں 40 ہزار الیکٹرک بائیکس اور ایک ہزار الیکٹرک رکشے اور لوڈرز شامل ہیں۔ اس مرحلے میں اسٹیٹ بینک کے ذریعے سبسڈی کی رقم براہ راست درخواست گزاروں کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جا رہی ہے۔ الیکٹرک بائیک پر 80 ہزار روپے تک سبسڈی دی جا رہی ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ میں کیتھ لیب کا افتتاح

لاہور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال جھنگ میں کیتھ لیب کا افتتاح کر دیا ہے۔ جھنگ میں امراض دل کے علاج کے لئے جدید ترین کیتھ لیب بن گئی۔ ڈسٹرکٹ میں ہارٹ اٹیک کا بروقت اور معیاری علاج ممکن ہو گیا۔ جھنگ کیتھ لیب میں انجیو گرافی، انجیو پلاسٹی، پرائمری پی سی آئی کی جائے گی۔ جھنگ کیتھ لیب میں عارضی پیس میکر بھی لگائے جا سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ میں نئی کیتھ لیب کا دورہ کیا۔ پری۔ پروسیجر وارڈ، انجیو گرافی وارڈ کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کنٹرول روم سے کیتھ لیب میں جاری پروسیجر کا مشاہدہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے جدید ترین آپریشن تھیٹر کا دورہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے فارمیسی میں ادویات کلیکشن کا معائنہ بھی کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے امراض قلب کے مریضوں کی تیمارداری اور جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

الیکٹرک بائیکس، رکشوں، لوڈرز کیلئے خصوصی سبسڈی سکیم پر عملدرآمد شروع

اسلام آباد (یو این پی) حکومت نے الیکٹرک بائیکس، رکشوں اور لوڈرز کے لیے متعارف کرائی گئی خصوصی سکیم پر باقاعدہ عمل درآمد شروع کر دیا۔ وزیر اعظم کی الیکٹرک وہیکل اڈاپشن اسکیم کے تحت پہلے مرحلے میں منظور شدہ درخواست گزاروں کو سبسڈی کی رقم منتقل کر دی گئی ہے۔ انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے مطابق رواں مالی سال کے دوران تقریباً 9 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی جبکہ حکومت سال 2030، تک 100 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی فراہم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ دستاویزات کے مطابق فیز ون میں 41 ہزار الیکٹرک گاڑیوں پر سبسڈی دی جا رہی ہے جن میں 40 ہزار الیکٹرک بائیکس اور ایک ہزار الیکٹرک رکشے اور لوڈرز شامل ہیں۔ اس مرحلے میں اسٹیٹ بینک کے ذریعے سبسڈی کی رقم براہ راست درخواست گزاروں کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جا رہی ہے۔ الیکٹرک بائیک پر 80 ہزار روپے تک سبسڈی دی جا رہی ہے۔

جام کمال خان سے چینی سفیر کی ملاقات، زرعی تجارت اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

مثبت پیش رفت کو برقرار رکھنے کے لیے باہمی رابطہ اور مکالمہ مسلسل جاری رکھا جائے گا، ملاقات میں فیصلہ

پاکستان برآمدات کے فروغ کے لیے کثیر الجہتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے چین کے سفیر جیانگ ڈانگ ڈونگ نے ملاقات کی جس میں فریقین نے زرعی تجارت اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ جاری اطلاعیہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات پاکستان چین زرعی سرمایہ کاری کانفرنس کے موقع پر ہوئی جس میں دونوں ممالک کی جانب سے اقتصادی روابط کے استحکام اور توسیع کو اسٹریٹجک ترجیح قرار دیا گیا۔ وفاقی وزیر تجارت کی قیادت میں پاکستانی وفد میں سیکرٹری تجارت، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے چیف ایگزیکٹو اور وزارت خارجہ کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر تجارت نے چینی سفیر کو خوش آمدید کہا اور پاکستان کے برآمدات بڑھانے کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان برآمدات کے فروغ کے لیے کثیر الجہتی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے جس میں حکومت سے حکومت (G2G) تعاون کے ساتھ ساتھ کاروبار سے کاروبار (B2B) روابط کو بھی بروئے کار لاتے ہوئے تجارت میں تیزی اور دونوں ہمہ موسم دوست ممالک کی اقتصادی شراکت داری کو مزید گہرا کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ملاقات میں زرعی مصنوعات کے شعبے میں دو طرفہ تجارت بڑھانے کے لیے خصوصی مواقع کی نشاندہی اور ان کی خلاص پر جامع گفتگو ہوئی۔ دونوں فریقین نے موجودہ تجارتی صورتحال کا تفصیلی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اقلاح قا کونڈیشن پاکستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیر اعظم کی قیادت میں ملکی معیشت استحکام اور ترقی کی درست سمت میں گامزن ہے، ہارون اختر خان

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کی معیشت استحکام اور ترقی کی درست سمت میں گامزن ہے، مانیٹرنگ، سمال اور میڈیم انٹرپرائزز (ایس ایم ایز) پاکستان کی معیشت کی